بولان کے علاقے میں تیز رفتار گاڑی الٹنے کے نتیجے میں 7 مسافر زخمی

کوئٹہ (آن لائن) بولان کے علاقے میں تیز رفتار گاڑی الٹنے کے نتیجے میں 7 مسافر زخمی ہوگئے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بولان کے علاقے میں مچھ کے قریب سبی سے کوئٹہ آنے والی تیز رفتار ویگن ڈرائیور سے بے قابو ہوکر الٹ گئی جس کے نتیجے میں مظفر، یاسین سمیت 7 افراد زخمی ہو گئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیر وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 316 بروز جمعرات 13 اگست 2026ء 28 صفر 1448ھ......قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

سوراب، نامعلوم افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل جبکہ ایک زخمی کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) سوراب کے علاقے میں نامعلوم افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل جبکہ ایک زخمی کر دیا نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز سوراب کے علاقے میں نامعلوم افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں عبدالوحید جاں بحق جبکہ ایک شخص نجیب اللہ زخمی ہوگیا۔ نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

سوراب میں دہشتگردوں کی جانب سے تیار کی جانے والی وہیکل بیسڈ آئی ای ڈی پھٹ گئی قبل از وقت دھماکے کے نتیجے میں 8 دہشتگرد ہلاک، متعدد زخمی ہوئے، آئی ایس پی آر

سیکیورٹی فورسز کا سوراب میں آپریشن 18 دہشتگرد ہلاک 3 شہری بھی جاں بحق

قانون نافذ کرنیوالے ادارے ملک سے غیر ملکی سرپرستی میں دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں دھماکے اور ثانوی دھماکوں کے نتیجے میں قریب موجود 3 شہری بھی جاں بحق ہوگئے

سوراب (آن لائن)بلوچستان کے ضلع سوراب میں دہشتگردوں کی جانب سے تیار کی جانے والی وہیکل بیسڈ آئی ای ڈی پھٹ گئی قبل از وقت دھماکے کے نتیجے میں 8 دہشتگرد ہلاک، متعدد زخمی ہوئے دھماکے اور ثانوی دھماکوں کے نتیجے میں قریب موجود 3 شہری بھی جاں بحق ہوگئے۔ بعدازاں سیکیورٹی فورسز اور بلوچستان پولیس کے مشترکہ کلیئرنس آپریشن میں مزید 10 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 12 اگست کو صبح دہشتگردوں کی جانب سے وی بی آئی ای ڈی تیار کی جارہی تھی، آئی ای ڈی کی تیاری کے دوران قبل از وقت دھماکا ہوا، دھماکے کے نتیجے میں 8 دہشتگرد ہلاک، متعدد زخمی ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک دہشتگرد فتنہ الہندوستان سے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

بلوچستان کے کھلاڑیوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے، مینا مجید بلوچ



کوئٹہ (خ ن) مشیر کھیل وامور نوجوانان مینا مجید بلوچ اور سیکرٹری سپورٹس ورا بلوچ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اور محکمہ کھیل نوجوانوں کو کھیلوں کے زیادہ سے زیادہ مواقعوں کی فراہمی کیلئے اقدامات کر رہا ہے محکمہ کھیل نے جشن آزاد (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

اتنے بڑے ہاتھ نہیں بانی کے اکاؤنٹ سے اپنے لئے ٹوئیٹس کروں، مشعال یوسفزئی

اسلام آباد(آن لائن) پی ٹی آئی کی سینیٹر مشعال یوسفزئی نے کہا ہے کہ میرے اتنے بڑے ہاتھ نہیں کہ بانی پی ٹی آئی کے اکاؤنٹ سے اپنے لیے ٹوئیٹس کروں۔ پی ٹی آئی کی سینیٹر مشعال یوسفزئی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کیا میرے سینیٹر بننے کے بعد سلمان اکرم نے اڑایا (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

آزاد کشمیر الیکشن میں مسلم لیگ ن کو واضح برتری حاصل ہوئی ہے، طارق فضل چوہدری



اسلام آباد(آن لائن)وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر الیکشن میں مسلم لیگ ن کو واضح برتری حاصل ہوئی ہے، مضبوط حکومت بنائیں گے، مسلم لیگ ن 24 نشستیں حاصل کر چکی ہے، فارمولے کے تحت 3 خواتین اور 3 دیگر مخصوص (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

درجہ چہارم کی آسامیوں پر غیر مقامی افراد کی تعیناتی کی شکایات پر سی ایم آئی ٹی کو تحقیقات کر کے جامع رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت، کسی کی حق تلفی کرنے نہیں دیں گے

سرکاری ملازمتوں میں ضلعی تخصیص شدہ کوٹے پر مقامی افراد کی بھرتی یقینی بنائی جائے گی اور کسی کا حق مارنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان نے گوادر میں گزشتہ بیس سالہ ترقیاتی وسائل کی جانچ پڑتال کا حکم دیدیا

گوادر کی ترقی صرف بڑے ترقیاتی منصوبوں کی تعمیر کا نام نہیں بلکہ مقامی لوگوں کو بنیادی شہری سہولیات، روزگار، تعلیم، صحت، پانی اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی بھی ترقی کا لازمی حصہ ہے

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ گوادر کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام سیاسی جماعتوں اور مقامی اسٹیک ہولڈرز کو سننے آیا ہوں، حکومت عوامی مسائل کے حل اور مقامی آبادی کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کرے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری ملازمتوں میں ضلعی تخصیص شدہ کوٹے پر مقامی افراد کی بھرتی یقینی بنائی جائے گی اور کسی کا حق مارنے کی اجازت نہیں دی جائے گی وزیراعلیٰ بلوچستان کی گوادر آ (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

گوادر، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آل پارٹیز نمائندہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم کا دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

شہباز شریف کا خودکش گاڑی کی تیاری کے دوران شہریوں کی ہلاکت پر اظہار افسوس

اسلام آباد/ کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع سوراب میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کے افسران اور اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے کلیئرنس آپریشن کے دوران 10 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بہادری (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

ایران کے حوالے سے صورتحال بہتر، امریکا کا آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول ہے: ٹرمپ

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے حوالے سے صورتحال بہتر جا رہی ہے، اور امریکی فوجی دستوں کا آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول ہے۔ جوائنٹ بیس اینڈریوز میں صحافیوں سے گفتگو کر (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

روزانہ 1300 بچے غذائی کمی کے باعث جان کی بازی ہار جاتے، مصطفیٰ کمال کا انکشاف

حکومت فارما انڈسٹری کے ساتھ کھڑی ہے کمپنیوں کو مختلف شعبوں میں ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے

اسلام آباد(آن لائن)وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے انکشاف کیا ہے کہ پاکستان میں روزانہ تقریبا 1300 بچے غذائی کمی کے باعث جان کی بازی ہار رہے ہیں۔ پاک فارما ہیلتھ کیئر ایکسپو کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان میں ہیلتھ کیئر سسٹم سے وابستہ کمپنیاں ترقی کر رہی ہیں، جبکہ گزشتہ سال (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

سرکاری افسران کے سابقہ تمام این او سیز اور اجازت نامے منسوخ

اسلام آباد(آن لائن) اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے سرکاری افسران کو جاری کیے گئے سابقہ تمام این او سیز اور مختلف اجازت نامے منسوخ کر دیے ہیں۔ اس حوالے سے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے باقاعدہ آفس میمورنڈم جاری کر دیا ہے۔ آفس میمورنڈم کے مطابق گورنمنٹ سرونٹس (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

مذاکرات اور سفارت کاری ہی مسائل کے حل کا مؤثر ذریعہ ہیں، اسحاق ڈار

پاکستان ایران کے ساتھ مختلف ترجیحی شعبوں میں روابط مزید گہرا کرنے کیلئے پرعزم ہے

پاکستان ایران کے ساتھ مختلف ترجیحی شعبوں میں روابط مزید گہرا کرنے کے لیے پرعزم ہے

اسلام آباد(آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ مذاکرات اور سفارت کاری ہی مسائل کے حل کا مؤثر ذریعہ ہیں، پاکستان ایران کے ساتھ مختلف ترجیحی شعبوں میں روابط مزید گہرا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ وہ ایرانی سفیر سے ملاقات میں بات چیت کر رہے تھے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی کے مطابق ایرانی سفیر (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری سے پاکستان میں اقوام متحدہ کے ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ کی الوداعی ملاقات کر رہے ہیں

دونوں فریقین نے جنگ بندی میں توسیع کیلئے رضامندی سے ثالثوں کو آگاہ کر دیا جنگ بندی کی مدت 17 اگست کو ختم ہونے والی ہے

امریکا اور ایران کا 60 روزہ جنگ بندی میں توسیع پر اتفاق

دونوں ممالک توسیع کی مدت طے کرنے کیلئے ایک دوسرے سے پیغامات کا تبادلہ کر رہے ہیں، ترک خبر ایجنسی ذرائع

تاہم اہم شقوں میں مبہم زبان کے باعث دونوں فریق ایک دوسرے پر معاہدے کی خلاف ورزی کے الزامات عائد کرتے رہے ہیں

انقرہ (آن لائن) امریکا اور ایران نے 60 روزہ جنگ بندی میں توسیع پر اتفاق کر لیا ہے۔ ترک خبر ایجنسی نے پاکستانی حکومتی ذرائع کے حوالے سے رپورٹ دی ہے کہ دونوں فریقین نے جنگ بندی میں توسیع کے لیے رضامندی سے ثالثوں کو آگاہ کر دیا۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ دونوں ممالک توسیع کی مدت طے کرنے کے لیے ایک دوسرے سے پیغامات کا تبادلہ کر رہے ہیں۔ جنگ بندی کی مدت 17 اگست کو ختم ہونے والی ہے، دونوں فریقین نے جنگ بندی میں توسیع کے لیے رضامندی سے ثالثوں کو آگاہ کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق وا (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے بیلاروس کے وزیر توانائی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

کوئٹہ میں یوم آزادی کے موقع پر قومی پرچم، بیجز اور دیگر کیپس فروخت کرنے کے لئے کوئی ریڑھی اور دکانوں پر نہیں رکھے گئے

کوئٹہ سمیت بلوچستان میں یوم آزادی منانے کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئی

میٹروپولیٹن کارپوریشن، وزیراعلیٰ ہاؤس، گورنر ہاؤس، سول سیکرٹریٹ، نیشنل بینک کے علاوہ نجی عمارتوں کو بھی برقی قمقموں سے سجا دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان میں یوم آزادی منانے کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئی کوئٹہ کو دلہن کی طرح برقی قمقموں سے سجا دیا گیا اور سرکاری عمارتوں، بلوچستان اسمبلی، پی آئی اے، بلوچستان ہائیکورٹ، میٹروپولیٹن کارپوریشن، بلدیہ پلازہ، وزیراعلیٰ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سروس رولز کے مین کمیٹی (SRMC) کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان اور بیلاروس کے مشترکہ وزارتی کمیشن کا نواں اجلاس

تجارتی نظام پر فزیبلٹی سٹڈی سے نئی تجارتی و سرمایہ کاری راہیں کھلیں گی، جام کمال

اسلام آباد(آن لائن) اسلام آباد میں پاکستان اور بیلاروس کے مشترکہ وزارتی کمیشن کے نویں اجلاس میں دونوں ممالک نے دوطرفہ اقتصادی و تجارتی تعاون مزید بڑھانے اور تجارت و سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے پر زور دیا۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

عالمی سرمایہ کاروں کی دلچسپی، حکومت نے پاکستان اسٹیل ملز کو دوبارہ فعال کرنے کا فیصلہ

سابقہ لیکویڈیشن کے فیصلے کو واپس لینے کا امکان بھی موجود ہے، مشاورت جاری ہے، ذرائع

اسلام آباد(آن لائن) عالمی سرمایہ کاروں کی دلچسپی کے باعث حکومت نے پاکستان اسٹیل ملز کو دوبارہ فعال کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت پاکستان اسٹیل ملز کو دوبارہ فعال کرنے پر غور کر رہی ہے جبکہ سابقہ لیکویڈیشن کے فیصلے کو واپس لینے کا امکان (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

نوجوان مضبوط ہوں گے تو پاکستان مضبوط ہوگا، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

اسلام آباد/ کوئٹہ (آن لائن) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے عالمی یوم نوجوانان 2026 کے موقع پر اپنے نوجوانوں کے ایک وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے اپنے خصوصی پیغام (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

ماہیان کور میں نجی مائننگ کمپنی کی مائنز پر حملہ، 7 افراد اغوا

چاغی (آن لائن) ماہیان کور میں نجی مائننگ کمپنی کی مائنز پر آٹھ مسلح نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کا حملہ، حملے کے سات افراد (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

سوراب میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی، صدر کا سیکیورٹی فورسز اور پولیس کو خراج تحسین

صدر زرداری کی دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے پر زور

امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کا بھرپور مقابلہ کیا جائیگا زخمی جوانوں کی جلد صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد/ کوئٹہ (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے علاقے سوراب میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز اور بلوچستان پولیس کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ صدر مملکت نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران زخمی ہونے والے دو بہادر جوانوں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ان کی قربانیوں اور بہادری کو سراہا۔ آ (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

امن ہماری منزل، تعلیم ہماری بنیاد اور مضبوط دفاع ہماری قومی ذمہ داری ہے، پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج

ہرنائی (آن لائن) مکہ مکرمہ کی مقدس سرزمین پر پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون کا فروغ مسلم دنیا میں باہمی اعتماد، یکجہتی اور مشترکہ سلامتی کے عزم کی ایک روشن مثال ہے۔ ستمبر 2025 میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان طے پانے والے اسٹریٹجک میوچل ڈیفنس ایگریمنٹ کے تحت کس (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

رواں ہفتے 3 چھٹیوں کا اعلان، اسٹیٹ بینک کا سرکلر جاری

14، 15 اور 16 اگست (جمعہ، ہفتہ اور اتوار) کو مالیاتی ادارے بند رہیں گے

اسلام آباد(آن لائن) ملک بھر میں رواں ہفتے بینکس اور مالیاتی ادارے 14، 15 اور 16 اگست کو 3 دن بند رہیں گے۔ اس حوالے سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے سرکلر جاری کر دیا گیا ہے، جس کے مطابق یوم آزادی کے موقع پر مالیاتی ادارے بند رہیں گے۔ سرکلر کے مطابق اسٹیٹ بینک، اسٹاک ایکسچینج اور دیگر بینکس یوم آزادی پر بند رہیں گے۔ یعنی جمعہ 14 اگست کو عام تعطیل ہوگی، جبکہ ہفتہ اور اتوار کو 2 دن ویک آف ہوگا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق بینکس اور مالیاتی اداروں کی اے ٹی ایمز اور آن لائن سروسز آپریشنل رہیں گی۔

امریکا ایران جنگ بندی میں اہم کردار، پاکستان بطور عالمی قوت دنیا کی توجہ کا مرکز

پاکستان ہی اپنی سفارتی صلاحیت کی بدولت ایران اور امریکا کو دوبارہ قریب لانے میں مدد کر سکتا ہے، ساؤتھ ایشین وائسز

امریکہ ایران جنگ سمیت تاریخ کے اہم تنازعات میں بطور ثالث پاکستان کے کردار کی تعریف نے ملک کے وقار کو مزید بلند کر دیا

اسلام آباد (آن لائن) امریکا ایران جنگ بندی میں پاکستان کے بطور ثالث اہم کردار کے باعث عالمی سطح پر پاکستان کی امن کاوشوں کا برملا اعتراف کیا جا رہا ہے۔ امریکا ایران جنگ بندی میں اہم ترین کردار کی بدولت پاکستان بطور عالمی قوت دنیا کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ عالمی جریدہ ساؤتھ ایشین وائسز کے مطابق امریکا ایران جنگ بندی کیلئے اسلام آباد معاہدہ کرانے والے پاکستان اور قطر کشیدگی کو روکنے کیلئے (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

پاکستان، مراکش کے درمیان تجارت اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق

دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارتی حجم بڑھانے کے وسیع امکانات موجود ہیں، گفتگو

کراچی (آن لائن) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ پاکستان اور مراکش کے درمیان دوطرفہ تجارتی حجم بڑھانے کے وسیع امکانات موجود ہیں، جن سے فائدہ اٹھانے (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

چاغی: کلی محمد اعظم شہی میں ایل این جی سے بھرے تین باؤزرز پر فائرنگ

واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا جبکہ مزید تحقیقات جاری ہیں

چاغی (آن لائن)ضلع چاغی میں نامعلوم مسلح افراد نے ایل این جی سے بھرے تین باؤزرز کے ٹائروں پر فائرنگ کر دی۔ پولیس کے مطابق واقعہ تھانہ یک مچ کی حدود میں دالبندین (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

چھتر چیک پوسٹ پر نامعلوم مسلح افراد کا حملہ، دھماکہ خیز مواد سے چیک پوسٹ تباہ

چاغی (آن لائن) چھتر چیک پوسٹ پر نامعلوم مسلح افراد کا حملہ، دھماکہ خیز مواد سے چیک پوسٹ تباہ۔ تفصیلات کے مطابق ضلع چاغی کے علاقے چھتر میں نامعلوم مسلح افراد (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

گوادر، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا گوادر پہنچنے پر ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ استقبال کر رہے ہیں

پاکستان کو سیاسی عدم استحکام کا شکار نہیں کرنے دیں گے، طلال چوہدری

مال روڈ واقعہ اس بات کا اشارہ ہے کہ 27 ستمبر کو بھی ایسا ہی ہوسکتا ہے، خطاب

پی ٹی آئی قیادت یہ کہہ کر بری الذمہ نہیں ہوسکتی کہ ہمارا اس کارکن سے کوئی تعلق نہیں

اسلام آباد(آن لائن) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کا کہنا ہے کہ مال روڈ پر پیش آنے والا واقعہ اس بات کا اشارہ ہے کہ 27 ستمبر کو بھی ایسا ہی ہوسکتا ہے، پی ٹی آئی قیادت یہ کہہ کر بری الذمہ نہیں ہوسکتی کہ ہمارا اس کارکن سے کوئی تعلق نہیں، دوسری طرف خود ہی اسکا دفاع بھی کرتے ہیں۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یا (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

سوراب میں فتنہ الہندوستان کے 18 دہشتگرد ہلاک، وفاقی وزیر محسن نقوی کا سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

وطن کے بہادر سپوت بلوچستان میں قیام امن کیلئے پرعزم ہیں، وفاقی وزیر داخلہ

وزیر داخلہ کا شہید شہریوں کے لواحقین سے اظہار تعزیت، زخمی دو جوانوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا

اسلام آباد/ کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے ضلع سوراب میں فتنہ الہندوستان کے 18 دہشتگردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ محسن نقوی نے دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بہادری کو سراہتے ہوئے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی نمایاں کامیابیاں قابل تحسین (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

ڈاکٹروں، کلینکس اور طبی سروس فراہم کرنے والوں کو تعمیل کیلئے حتمی ڈیڈ لائن، عدم تعمیل پر قانونی کارروائی کا انتباہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی کی رہنمائی اور چیئرمین (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

ٹریفک کی روانی میں خلل ڈالنے والے رکشوں اور تجاوزات کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی امیر حمزہ نے ٹریفک پولیس (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

جشن آزادی پاکستان 14 اگست کے سلسلے میں کوئٹہ میں گرلز میراتھن ریس کا انعقاد

کوئٹہ (خ ن) جشن آزادی پاکستان 14 اگست کے سلسلے میں کوئٹہ میں گرلز میراتھن ریس کا انعقاد کیا گیا۔ مہمان خصوصی مشیر وزیراعلیٰ برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ کے (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

نوجوان ملک کا روشن مستقبل ہیں، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی

پاکستان کی آزادی ہمارے لیے عظیم نعمت اور قومی ذمہ داری ہے

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے گوادر میں کوہ باتیل پر واقع پاکستان پوائنٹ پر جشن آزادی کی پروقار تقریب میں شرکت کی، جہاں قومی جذبے، ثقافتی رنگوں اور شاندار پروگراموں نے گوادر کو جشن آزادی کی خوشیوں سے بھر دیا تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک کے بعد قومی پرچم کشائی سے ہوا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے قومی پرچم سربلند کیا تقریب میں ملی و قومی نغموں، بلوچی ثقافتی گیتوں، طلباء کی پرفارمنس، گوادر آرٹس اکیڈمی کے خصوصی ٹیبلو اور روایتی لیوا رقص نے حاضرین کو محظوظ کیا، جبکہ شاندار آتش بازی سے (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

غزہ میں جاری اسرائیلی حملوں سے فلسطینیوں کی زندگیوں کو شدید خطرات لاحق ہیں، اقوام متحدہ کا انتباہ

گزشتہ دنوں سے اسرائیلی فائرنگ، گولہ باری اور بحری حملوں کے نتیجے میں غزہ میں کئی فلسطینی شہری شہید ہو چکے ہیں

غزہ (آن لائن) اقوام متحدہ نے خبردار کیا ہے کہ غزہ میں اسرائیل کے جاری حملوں کے باعث فلسطینیوں کی زندگیوں کو خطرات لاحق ہیں اور انہیں انسانی امداد کی مزید ضرورت پڑ رہی ہے۔ عالمی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ کے دفتر برائے رابطہ انسانی امور (او سی ایچ اے) نے اپنی تازہ رپورٹ میں کہا ہے کہ گزشتہ دنوں سے اسرائیلی فائرنگ، گولہ باری اور بحری حملوں کے نتیجے میں غزہ میں کئی فلسطینی شہری شہید ہو چکے ہیں۔ رپورٹ میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ بین الاقوامی انسانی قوانین کے تحت غزہ میں شہریوں اور شہری تنصیبا (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

نوجوانوں کو یکساں تعلیمی مواقع دیے بغیر ترقی کا سفر ممکن نہیں، شہباز شریف

ماضی کی غلطیوں کا ازالہ نوجوانوں کی ترقی اور خوشحالی کیلئے وسائل فراہم کر کے کیا جا سکتا ہے، تقریب سے خطاب

پہلی یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کے اجرا کا اعلان، لیبر فورس میں خواتین کیلئے 35 فیصد کوٹہ مختص کیا جا رہا ہے

اسلام آباد(آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے پہلی یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کے اجرا کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوان پاکستان کا مستقبل ہیں اور انہیں تعلیم، جدید علوم اور روزگار کے یکساں مواقع فراہم کیے بغیر ملک ترقی کی دوڑ میں آگے نہیں بڑھ سکتا۔ پالیسی کے تحت لیبر فورس میں خواتین کے لئے پینتیس فیصد کوٹہ مختص کیا جا رہا ہے۔ نوجوانوں کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وز (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

روزنامہ
تعمیر وطن
* ABC CERTIFIED *
TAMEER-E-WATAN

پاکستان کی طاقت

پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و سینئر صوبائی نائب صدر پی پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری نے قوم کو یوم آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ 14 اگست کو یوم آزادی پاکستان بھرپور جوش و جذبے، قومی یکجہتی اور حب الوطنی کے ولولے کے ساتھ منایا جائے گا۔ میر علی حسن زہری کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق یوم آزادی کے موقع پر 14 اگست کو دوپہر 2 بجے سے شام 6 بجے تک زہری فارم ہاؤس، حب بائی پاس پر ایک شاندار اور پروقار خصوصی تقریب کا انعقاد کیا جائے گا، جس میں عوام کی بھرپور شرکت متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ 14 اگست صرف کیلنڈر پر درج ایک تاریخ نہیں بلکہ یہ ہمارے قومی تشخص، آزادی، قربانیوں اور پاکستان سے وفاداری کی تجدید کا دن ہے۔ یہ دن ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جن کے نتیجے میں پاکستان ایک آزاد ریاست کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرا۔ یوم آزادی کی خصوصی تقریب میں ملک کے معروف و مشہور فنکار، اداکار اور دیگر باصلاحیت افراد شرکت کریں گے، جبکہ ملی نغموں، ثقافتی پروگراموں اور تفریحی سرگرمیوں کے ذریعے تقریب کو یادگار بنایا جائے گا۔ تقریب میں پاکستان کی ثقافت، قومی وحدت اور وطن سے محبت کے جذبے کو اجاگر کیا جائے گا۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاکستان کی طاقت اس کی سرزمین کے ساتھ ساتھ اس کے عوام کے اتحاد، عزم اور جذبہ حب الوطنی میں ہے۔ ہمیں یوم آزادی کے موقع پر اس عزم کی تجدید کرنا ہوگی کہ ہم پاکستان کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور مضبوط مستقبل کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان کو ایسے ہی اتحاد، یکجہتی اور اجتماعی عزم کی ضرورت ہے جس نے قیام پاکستان کی جدوجہد کو کامیابی سے ہمکنار کیا تھا۔ ہماری منزل ایک مضبوط، خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ پاکستان ہے، اور اس منزل کا راستہ قومی اتحاد اور اجتماعی محنت سے ہو کر گزرتا ہے۔

بقیہ 01

وابستہ تھے، بھارتی پراکسی دہشتگردوں کے ذخیرہ کیے گئے دیگر بارودی مواد کے ثانوی دھماکے بھی ہوئے، اس دھماکے اور ثانوی دھماکوں کے نتیجے میں قریب موجود 3 شہری بھی جاں بحق ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی سیکیورٹی فورسز اور بلوچستان پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئے، سیکیورٹی فورسز اور بلوچستان پولیس نے مشترکہ کلیئرنس آپریشن شروع کردیا، مشترکہ آپریشن کا مقصد دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کا سراغ لگانا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے فرار ہونے والے دہشتگردوں کی نقل و حرکت کا بروقت سراغ لگا لیا، سیکیورٹی فورسز نے موثر کارروائی کرتے ہوئے مزید 10 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا، آئی ایس پی آر سوراب کے واقعات میں اب تک فتنہ الہندوستان سے وابستہ مجموعی طور پر 18 دہشتگرد ہلاک کیے جاچکے ہیں، شدید فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کے 2 بہادر جوان بھی زخمی ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں باقی ماندہ دہشتگردوں کے خاتمے کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے، عزم استحکام کے وژن کے تحت سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی دہشتگردی کے خلاف کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی، عزم استحکام کی منظوری نیشنل ایکشن پلان کے تحت وفاقی ایپکس کمیٹی نے دی ہے، پاکستان سے غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشتگردی کے ناسور کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 02

رضا امیری مقدم کی نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں پاکستان اور ایران کے درمیان ترجیحی شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ایرانی سفیر نے پاکستان ایران دوطرفہ تعاون کے مختلف شعبوں میں پیشرفت سے آگاہ کیا اور کہا کہ حالیہ اعلیٰ سطحی دوروں کے بعد دوطرفہ ادارہ جاتی میکنزم کے تحت تعاون میں پیشرفت ہوئی۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے ایران کے ساتھ تعلقات مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اسحاق ڈار اور ایرانی سفیر کے درمیان خطے کی بدلتی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ مذاکرات اور سفارت کاری ہی مسائل کے حل کا موثر ذریعہ ہیں، بات چیت اور سفارت کاری کے ذریعے پائیدار امن، استحکام اور خوشحالی کا حصول ممکن ہے، پاکستان ایران کے ساتھ مختلف ترجیحی شعبوں میں روابط مزید گہرا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 03

کنڈکٹ رولز 1964 کے تحت جاری کیے گئے تمام این او سیز اور اجازت نامے اب موثر نہیں رہیں گے۔ رولز 6، 16، 18، 20، 21 اور 22 کے تحت جاری تمام اجازت نامے منسوخ کردیے گئے ہیں۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے متعلقہ سرکاری افسران کو ہدایت کی ہے کہ وہ اب سول سرونٹس کنڈکٹ رولز 2026 کے تحت دوبارہ اجازت کے لیے درخواستیں جمع کرائیں۔ فیصلے کا اطلاق پولیس سروس آف پاکستان، پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس، سیکریٹریٹ گروپ، آفس مینجمنٹ گروپ اور دیگر سرکاری سروسز سے تعلق رکھنے والے افسران پر بھی ہوگا، جنہیں سابقہ اجازت ناموں کے بجائے نئے قواعد کے تحت نئی درخواستیں دینا ہوں گی۔ آفس میمورنڈم کے مطابق غیر ملکی حکومتوں، اداروں یا شخصیات سے ایوارڈز، خطابات اور اعزازات حاصل کرنے کے لیے بھی نئے قواعد کے تحت پیشگی اجازت لینا ضروری ہوگا۔ اسی طرح سرکاری دستاویزات اور معلومات غیر مجاز افراد یا میڈیا تک پہنچانے سے متعلق اجازت بھی سول سرونٹس کنڈکٹ رولز 2026 کے تحت حاصل کرنا ہوگی۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے تمام وفاقی سیکریٹریز اور متعلقہ حکام کو فیصلے سے آگاہ کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ سابقہ اجازت ناموں کی جگہ نئے قواعد کے تحت دوبارہ درخواستیں جمع کرائی جائیں۔

بقیہ 04

فارما انڈسٹری کی برآمدات میں 38 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے تعاون کے بغیر کسی صنعت کی ترقی ممکن نہیں، وزیراعظم اور حکومت فارما انڈسٹری کے ساتھ کھڑی ہے اور کمپنیوں کو مختلف شعبوں میں ریلیف فراہم کیا جارہا ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے بتایا کہ ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈریپ) اب تک 85 فیصد ڈیجیٹل ہوچکا ہے، جس سے ڈریپ سمیت دیگر متعلقہ اداروں میں کرپشن کے خاتمے میں مدد ملے گی، 9 اکتوبر کو پاکستان میں نیا نظام متعارف کرایا جائے گا اور ادویات پر مؤثر چیک اینڈ بیلنس رکھا جائے گا۔ سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ملک کی تقریباً 25 کروڑ آبادی کے لیے صرف 22 ڈرگ انسپکٹر کام کر رہے ہیں، جو ایک بڑا چیلنج ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے ملک میں نئے صوبے بنانے کا مطالبہ دہراتے ہوئے کہا کہ نئے صوبوں کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے، قیام پاکستان کے وقت ملک کی آبادی تقریباً ساڑھے 3 کروڑ تھی اور صوبوں کی تعداد چار تھی، جبکہ آج آبادی ساڑھے 26 کروڑ تک پہنچ چکی ہے لیکن صوبے اب بھی چار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام سے ملک کمزور نہیں بلکہ مزید مضبوط ہوگا۔ سید مصطفیٰ کمال نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کا سہرا فیلڈ مارشل عاصم منیر، وزیراعظم اور ڈپٹی وزیراعظم کو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ انتشار پسند عناصر ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت فوج کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے اپنے سے چوگنا بڑی فوج کو شکست سے دوچار کیا۔

بقیہ 05

مد پر انتظامی افسران نے ان کا استقبال کیا، جبکہ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے انہیں سلامی پیش کی۔ بعد ازاں وزیراعلیٰ بلوچستان سے آل پارٹیز گوادر کے عہدیداران اور سیاسی جماعتوں کے نمائندوں نے ملاقات کی، جس میں گوادر کی مجموعی صورتحال، عوامی مسائل، بنیادی سہولیات، روزگار اور دیگر علاقائی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران سیاسی جماعتوں کے نمائندوں نے گوادر کو درپیش مختلف مسائل پر اظہار خیال کرتے ہوئے بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی، مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع اور درجہ چہارم کی آسامیوں کے ٹیسٹ و انٹرویوز مقامی سطح پر منعقد کرنے کا مطالبہ کیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے سیاسی نمائندوں کے مطالبات کا جائزہ لیتے ہوئے گوادر سمیت صوبے کے تمام اضلاع میں درجہ چہارم کی آسامیوں کے ٹیسٹ مقامی سطح پر منعقد کرنے کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمتوں میں ضلعی تخصیص شدہ کوٹے پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے گا تاکہ مقامی نوجوانوں کو ان کا جائز حق مل سکے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کسی مقامی امیدوار کا حق مارنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، بھرتیوں کے عمل میں میرٹ، شفافیت اور ضلعی کوٹے کی پابندی یقینی بنائی جائے گی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے محکمہ فشریز اور محکمہ جنگلات گوادر کی درجہ چہارم کی آسامیوں پر غیر مقامی افراد کی تعیناتی سے متعلق شکایات کا بھی نوٹس لیا اور چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کو معاملے کی مکمل تحقیقات کا حکم دیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تحقیقات شفاف انداز میں مکمل کرکے حقائق پر مبنی رپورٹ پیش کی جائے اور اگر کسی بھی سطح پر قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی ثابت ہو تو ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گوادر بلوچستان کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل شہر ہے اور یہاں کی ترقی کے ثمرات سب سے پہلے مقامی آبادی تک پہنچنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ گوادر کی ترقی صرف بڑے ترقیاتی منصوبوں کی تعمیر کا نام نہیں بلکہ مقامی لوگوں کو بنیادی شہری سہولیات، روزگار، تعلیم، صحت، پانی اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی بھی ترقی کا لازمی حصہ ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ گوادر کی ترقی کے لیے ہر دور میں دعوے کیے گئے، اب گزشتہ 20 سال کا ریکارڈ دیکھا جائے گا کہ گوادر کی ترقی کے لیے کتنے وسائل خرچ کیے گئے اور ان وسائل کے استعمال سے عوام کی زندگیوں میں کتنا حقیقی فرق آیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ترقیاتی منصوبوں کے اثرات اور عوام کو حاصل ہونے والے فوائد کا جائزہ لے گی تاکہ مستقبل کی منصوبہ بندی زمینی حقائق اور عوامی ضروریات کے مطابق کی جاسکے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت گوادر کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے سیاسی جماعتوں، منتخب نمائندوں، ضلعی انتظامیہ اور مقامی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کا سلسلہ جاری رکھے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی شکایات اور جائز مطالبات کو نظرانداز نہیں کیا جائے گا بلکہ ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گوادر بلوچستان کی ترقی کا اہم مرکز ہے، تاہم پائیدار ترقی اسی وقت ممکن ہے جب مقامی آبادی خود کو ترقی کے عمل کا حصہ سمجھے اور اسے اپنے بنیادی حقوق اور مواقع حاصل ہوں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ گوادر کے عوامی مسائل کے حل، ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی اور سرکاری وسائل کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جائے۔ ملاقات میں گوادر سے منتخب رکن قومی اسمبلی ملک شاہ گورگیج، رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمن، صوبائی وزراء میر ضیاء لانگو، سردار فیصل خان جمالی، قبائلی و سیاسی رہنما میر ساجد دشتی، پرنسپل سیکریٹری عمران زرکون، ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ سمیت دیگر متعلقہ انتظامی افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 06

نشستیں بھی ن لیگ کو ملیں گی، اگلے ہفتے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کا اجلاس بلایا جائے گا، ارکان حلف اٹھائیں گے، آزاد کشمیر میں ایک مستحکم اور مضبوط حکومت قائم ہونے جارہی ہے، موجودہ حالات کے پیش نظر آزاد کشمیر میں مضبوط حکومت کا قیام ضروری ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ آزاد جموں و کشمیر میں انتخابات کے تینوں مراحل مکمل ہوچکے ہیں، انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ ن کو واضح برتری حاصل ہوئی ہے، تیسرے مرحلے کے اختتام پر مسلم لیگ ن 24 نشستیں حاصل کرچکی ہے، فارمولے کے تحت 3 خواتین اور 3 دیگر مخصوص نشستیں بھی ن لیگ کو ملیں گی۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ مخصوص نشستوں میں اوورسیز، ٹیکنوکریٹ اور علماء و مشائخ کی سیٹیں شامل ہیں، مخصوص نشستوں کے بعد مسلم لیگ ن کی کل نشستوں کی تعداد 30 ہوجائے گی۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اگلے ہفتے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کا اجلاس بلایا جائے گا، اسمبلی اجلاس میں اراکین کا حلف اور مخصوص نشستوں پر الیکشن ہوگا، اگلے ہفتے ہی اسپیکر اور وزیراعظم آزاد کشمیر کا انتخاب بھی مکمل کرلیا جائے گا، آزاد کشمیر میں ایک مستحکم اور مضبوط حکومت قائم ہونے جارہی ہے، موجودہ حالات کے پیش نظر آزاد کشمیر میں مضبوط حکومت کا قیام ضروری ہے، آزاد جموں و کشمیر میں مجموعی طور پر انتخابات صاف، شفاف اور کریڈیبل ہوئے، آزاد کشمیر الیکشن میں کسی بھی بدنظمی یا دھاندلی کی کارروائی کے خلاف زیرو ٹالرنس رہی ہے، ایل اے 6 میرپور میں پولنگ اسٹیشن سے بیلٹ باکس اٹھانے والے امیدوار کو فوری گرفتار کیا گیا۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور الیکشن کمیشن کو شفاف انتخابات پر مبارکباد دیتا ہوں، شفاف الیکشن سے الیکشن کمیشن، انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ساکھ میں اضافہ ہوا، حویلی میں ہمارے امیدوار محسن عزیز کی دھاندلی کی شکایات پر شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں، امید ہے الیکشن کمیشن حویلی کے حلقے سے متعلق شکایات کا ازالہ میرٹ پر کرے گا۔

بقیہ 07

ر جیل میں بانی پی ٹی آئی کے سامنے مجھ سے معافی نہیں مانگی؟ انہوں نے کہا کہ سلمان اکرم کا کہنا تھا کہ مشعال میری چھوٹی بہن ہے، غلطی ہوئی آئندہ ایسا نہیں ہوگا۔

بقیہ 08

ی کی مناسبت سے صوبے بھر میں کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کرایا ہے ان مقابلوں کے نتیجے میں نیا ٹیلنٹ ابھر کر سامنے آرہا ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو محکمہ کھیل بلوچستان کے زیراہتمام جشن آزادی کے سلسلے میں کوئٹہ میں گرلز میراتھن ریس میں پوزیشن حاصل کرنے والوں میں انعامات تقسیم کرنے کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر ڈی جی اسپورٹس ڈاکٹر یاسر بازئی موجود تھے۔ اس سے قبل گرلز میراتھن ریس شہداء زیارت چوک سے شروع ہو کر ایوب اسپورٹس کمپلیکس کوئٹہ میں اختتام پذیر ہوئی میراتھن ریس میں سینکڑوں لڑکیوں نے حصہ لیا، مشیر کھیل مینا مجید نے گرلز میراتھن ریس میں پوزیشن حاصل کرنے والی لڑکیوں میں بالترتیب 50، 30 اور 20 ہزار روپے اور دیگر نمایاں کارکردگی دکھانے والوں میں میڈلز تقسیم کیے۔ اس موقع پر مشیر وزیراعلیٰ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ صوبہ بھر میں 1 اگست سے جشن آزادی کی تقریبات میں نوجوانوں کی بھرپور شرکت ملک پاکستان سے بے پناہ محبت کی روشن مثال ہے اور آج اس میراتھن ریس کا آغاز شہداء زیارت چوک سے کرنے کا مقصد اپنے ان پولیس کے بہادر شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنا اور دہشت گردی کی مخالفت ہے۔ صوبائی سیکرٹری سپورٹس درا بلوچ نے کہا کہ محکمہ کھیل نوجوانوں کو مثبت اور صحت مندانہ سرگرمیوں کی فراہمی کیلئے صوبے بھر میں کھیلوں کے مختلف مقابلوں کا انعقاد کر رہا ہے اور جشن آزادی کی مناسبت سے کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا ہے آج کی گرلز میراتھن ریس بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے کھلاڑیوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور مشیر کھیل مینا مجید کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں محکمہ کھیل نوجوان کھلاڑیوں کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنا رہا ہے، جس سے ٹیلنٹ ابھر کر سامنے آرہا ہے۔

بقیہ 09

تے ہوئے امریکی صدر ٹرمپ نے کہا آبنائے ہرمز پر کسی اور کا نہیں بلکہ صرف ہمارا کنٹرول ہے، ہماری بحریہ شاندار ہے اور ہمارے ملک کیلئے حالات بہترین جا رہے ہیں۔ صدر ٹرمپ کا مزید کہنا تھا کہ میں ایران پر اعتماد کرنے والا آخری شخص ہوں، انہوں نے مسلسل مجھ سے جھوٹ بولا ہے، اس وقت آبنائے ہرمز پر ہمارا مکمل کنٹرول ہے، ایران کا نہیں۔

بقیہ 10

کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد بلوچستان کے امن اور عوام کے دشمن ہیں۔ شہباز شریف نے دہشتگردوں کی جانب سے خودکش گاڑی کی تیاری کے دوران دھماکے کی زد میں آکر عام شہریوں کی قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ بدامنی اور شرانگیزی کی تیاری کے دوران بے گناہ شہریوں کی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک سے دہشتگردی کی عفریت کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رکھی جائے گی اور امن دشمن عناصر کو اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ارض وطن کی حفاظت کے غیر متزلزل عزم میں وہ اور پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں اور خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 11

نگٹن اور تہران نے 17 جون کو 14 نکاتی مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے تھے، جس کے تحت جنگ بندی قائم کرتے اور دونوں ممالک کے درمیان جنگ کے مستقل خاتمے کے لیے مذاکرات مکمل کرنے کی 60 روزہ مدت مقرر کی گئی تھی۔ مفاہمتی یادداشت میں دونوں ممالک کے درمیان جنگ بندی اور آبنائے ہرمز کو تجارتی جہازوں کے لیے کھلا رکھنے کا اعلان کیا گیا تھا، تاہم اہم شقوں میں مبہم زبان کے باعث دونوں فریق ایک دوسرے پر معاہدے کی خلاف ورزی کے الزامات عائد کرتے رہے ہیں۔

بقیہ 12

ہاؤس، گورنر ہاؤس، سول سیکریٹریٹ، نیشنل بینک کے علاوہ دیگر نجی عمارتوں کو بھی برقی قمقموں سے سجایا گیا اس کے علاوہ مختلف سڑکوں اور درختوں پر بھی لائٹنگ کی گئی ہے۔ جبکہ اس سال صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں یوم آزادی کے موقع پر قومی پرچم، بیجز اور دیگر کیپس فروخت کرنے کے لئے کوئی ریڑھی اور دکانوں پر نہیں رکھے گئے جبکہ سرکاری گاڑیوں، عمارتوں پر سبز ہلالی پرچم آویزاں کیے گئے ہیں۔

بقیہ 13

میں کہا ہے کہ پاکستان کی نوجوان نسل ملک کا سب سے قیمتی سرمایہ، سب سے بڑی امید اور روشن مستقبل کی ضامن ہے۔ نوجوانوں کو بااختیار بنائے بغیر ترقی یافتہ، مضبوط اور خوشحال پاکستان کا خواب مکمل نہیں ہوسکتا، اس لیے وقت کا تقاضا ہے کہ نوجوانوں کو محض مستقبل کے وارث سمجھنے کے بجائے آج ہی قومی ترقی کے عمل میں موثر شراکت دار بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی نوجوان کسی سے کم نہیں، انہیں صرف مواقع، درست سمت اور اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمارے نوجوان تعلیم، سائنس و ٹیکنالوجی، کھیل، ادب، فنون، کاروبار، صحافت، سفارت کاری اور دیگر شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ریاست اور معاشرہ نوجوانوں کی صلاحیتوں پر اعتماد کرے اور انہیں آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کرے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کے لیے جامع، موثر اور دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ قومی یوتھ پالیسی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایسی پالیسی ہونی چاہیے جو صرف اعلانات تک محدود نہ ہو بلکہ نوجوانوں کو تعلیم، ہنر، روزگار، کاروبار، ٹیکنالوجی، تحقیق اور قیادت کے حقیقی مواقع فراہم کرے۔ نوجوانوں کی ضروریات کو پالیسی سازی کے مرکز میں رکھنا ہوگا تاکہ انہیں اپنے مستقبل کے فیصلوں میں بھی موثر آواز حاصل ہو۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کے ہاتھ میں صرف ڈگری نہیں، ہنر اور مواقع بھی ہونے چاہئیں۔ جدید دور میں روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل اسکلز، مصنوعی ذہانت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، فری لانسنگ، ای کامرس، گرین ٹیکنالوجی اور جدید کاروباری مہارتوں کی فراہمی ناگزیر ہے۔ حکومت، تعلیمی اداروں اور نجی شعبے کو مل کر ایسا ماحول پیدا کرنا ہوگا جہاں نوجوان ملازمت کے متلاشی ہی نہیں بلکہ روزگار پیدا کرنے والے بھی بن سکیں۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے زور دیا کہ ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے نوجوانوں کو بھی وہی مواقع ملنے چاہئیں جو بڑے شہروں کے نوجوانوں کو حاصل ہیں۔ بلوچستان سمیت ملک کے ہر صوبے، ہر ضلع اور ہر علاقے کے نوجوان میں صلاحیت موجود ہے، فرق صرف مواقع اور سہولیات کا ہے۔ اگر ہم نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید تربیت، انٹرنیٹ، کھیلوں کی سہولیات، اسکالرشپس اور روزگار کے مواقع فراہم کریں تو یہی نوجوان پاکستان کی ترقی کی رفتار کو کئی گنا بڑھا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنا محض ایک سیاسی یا حکومتی ضرورت نہیں بلکہ یہ پاکستان کے مستقبل کا بنیادی تقاضا ہے۔ ہمیں نوجوانوں کے لیے فیصلے کرنے کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو فیصلہ سازی کے عمل میں بھی شامل کرنا ہوگا۔ پارلیمان، پالیسی سازی، بلدیاتی اداروں، تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی اور دیگر قومی فورمز پر نوجوانوں کی بامعنی نمائندگی کو فروغ دینا چاہیے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ پاکستان کی باگ ڈور بالآخر نوجوان نسل نے ہی سنبھالنی ہے۔ آج کے نوجوان کل کے قائد، پالیسی ساز، سائنس دان، اساتذہ، سفارت کار، کاروباری رہنما اور قومی اداروں کے سربراہ ہوں گے۔ اس لیے نوجوانوں کی تربیت، کردار سازی اور قائدانہ صلاحیتوں کو فروغ دینا دراصل پاکستان کے مستقبل کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کے سافٹ امیج کو دنیا بھر میں اجاگر کرنے میں بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ کھیل، ثقافت، تعلیم، ٹیکنالوجی، فنون، سوشل میڈیا اور بین الاقوامی پلیٹ فارمز پر پاکستانی نوجوان اپنی صلاحیتوں، مثبت سوچ اور تخلیقی کردار کے ذریعے دنیا کو پاکستان کا ایک روشن، پرامن، باصلاحیت اور ترقی پسند چہرہ دکھا سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آج دنیا ڈیجیٹل رابطوں کا عالمی گاؤں بن چکی ہے اور پاکستانی نوجوان اس میدان میں پاکستان کے غیر رسمی سفیر کا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ایک باصلاحیت پاکستانی نوجوان کی کامیابی صرف اس کی ذاتی کامیابی نہیں بلکہ پوری قوم کے لیے ایک مثبت پیغام ہے۔ ہمیں نوجوانوں کو ایسے پلیٹ فارم فراہم کرنے چاہئیں جہاں وہ اپنی صلاحیت دنیا کے سامنے پیش کرسکیں۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ خواتین اور نوجوان لڑکیوں کو بھی قومی ترقی کے عمل میں مساوی مواقع فراہم کرنا ضروری ہے۔ نوجوان خواتین کو تعلیم، ہنر، کاروبار، قیادت اور فیصلہ سازی کے مواقع دے کر ہم پاکستان کی نصف سے زیادہ آبادی کی صلاحیتوں کو قومی ترقی کے لیے بروئے کار لاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں میں مایوسی پیدا کرنے کے بجائے انہیں امید، اعتماد اور مواقع دینا ہوں گے۔ نوجوانوں کو صرف یہ بتانے کی ضرورت نہیں کہ پاکستان ان کا مستقبل ہے، بلکہ انہیں یہ احساس بھی دلانا ہوگا کہ پاکستان آج بھی ان کا ہے اور ملک کی تعمیر میں ان کا کردار آج سے شروع ہوتا ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ نوجوانوں کے مسائل کو نظرانداز کرنا دراصل پاکستان کے مستقبل کو نظرانداز کرنا ہے۔ حکومت، پارلیمان، تعلیمی اداروں، نجی شعبے اور سول سوسائٹی کو مل کر نوجوانوں کے لیے ایک جامع اور مربوط حکمت عملی تشکیل دینا ہوگی تاکہ ملک کی نوجوان آبادی کو ایک مضبوط انسانی سرمائے میں تبدیل کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں نوجوانوں پر سرمایہ کاری کرنی ہوگی کیونکہ نوجوانوں پر خرچ ہونے والا ہر روپیہ دراصل پاکستان کے مستقبل پر سرمایہ کاری ہے۔ نوجوانوں کو تعلیم دیں گے تو قوم باشعور ہوگی، ہنر دیں گے تو معیشت مضبوط ہوگی، مواقع دیں گے تو روزگار پیدا ہوگا اور قیادت کے مواقع دیں گے تو پاکستان کا مستقبل مضبوط ہاتھوں میں ہوگا۔ انہوں نے عالمی یوم نوجوانان کے موقع پر ملک بھر کے نوجوانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی صلاحیتوں پر یقین رکھیں، تعلیم اور ہنر کو اپنا ہتھیار بنائیں، مثبت سوچ کو اپنائیں اور پاکستان کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

بقیہ 14

اغوا، لاکھوں روپے مالیت کا سامان بھی ساتھ لے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع چاغی کی تحصیل چاغی سے مغرب کی جانب تقریباً 15 سے 18 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ماہیان کورکی نجی مائنز پر گزشتہ روز دن ایک بجے آٹھ مسلح نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے دھاوا بول دیا۔ مسلح افراد نے مائنز پر موجود عملے کو یرغمال بنایا اور سات افراد کو اپنے ساتھ لے گئے۔ اغوا ہونے والوں میں گلگت سے تعلق رکھنے والے چار مزدور وجاہت، واجد، شاہد اور صابر جبکہ مقامی تین مزدور ضیاء الدین ساکن دالبندین، شاہ سلیم ساکن ماہیان چاغی اور سعید محمد ساکن ماہیان چاغی شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق مسلح افراد مائنز پر شام سات بجے تک موجود رہے اور وہاں موجود ایک زمیاد گاڑی، ایک فور بائی فور پک اپ، 20 سے زائد سولر پلیٹس، رنج موٹر سائیکل، بستر، کچن کا سامان، سلنڈر، 2,500 لیٹر ڈیزل، 1,500 لیٹر پیٹرول سمیت دیگر سامان بھی اپنے ساتھ لے گئے۔ نجی مائنز ذرائع کا کہنا ہے کہ مسلح افراد کئی گھنٹوں تک مائنز میں موجود رہے اور اطمینان کے ساتھ کارروائی مکمل کرنے کے بعد مغوی عملے اور سامان سمیت فرار ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع بروقت متعلقہ انتظامیہ کو دے دی گئی تھی، تاہم تاحال مغوی ساتوں افراد اور لے جایا جانے والا سامان بازیاب نہیں ہوسکا۔ واقعے کے بعد انتظامیہ کی جانب سے مزید کارروائی اور مغویوں کی بازیابی کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ 15

بھی موجود ہے۔ ذرائع کے مطابق عالمی سرمایہ کاروں کی دلچسپی کے پیش نظر مشاورت جاری ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ متعدد عالمی سرمایہ کار پاکستان اسٹیل ملز کی بحالی میں دلچسپی دکھا رہے ہیں۔ انہی دلچسپیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت سابقہ فیصلے پر نظرثانی کر رہی ہے۔ خصوصی طور پر روسی کمپنی انڈسٹریل انجینئرنگ ایل ایل سی کے ساتھ مل کی بحالی پر بات چیت جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق مل کی بحالی، جدت اور تنظیم نو کے لیے روسی کمپنی سے یادداشت تفہیم (ایم او یوز) طے پا چکے ہیں۔ حکام صنعت و پیداوار کے مطابق پاکستان اور روس کے درمیان اسٹیل ملز کی بحالی کے لیے دو پروٹوکول پر دستخط ہوچکے ہیں۔ پہلا پروٹوکول 10 جولائی 2025 کو ماسکو میں طے پایا تھا جبکہ دوسرا پروٹوکول 26 نومبر 2025 کو پاک روس بین الحکومتی کمیشن کے اجلاس میں طے پایا۔ حکام نے بتایا کہ اسٹیل ملز کی پیداوار کے لیے آپریشنل اور سرمایہ جاتی اخراجات کا تعین کیا جائے گا۔ پاکستان اسٹیل ملز کی پیداواری لاگت اور مارکیٹ میں عملداری کا جائزہ مکمل ہو چکا ہے۔ ذرائع کے مطابق ان جائزوں کے نتائج کی بنیاد پر بحالی کا حتمی فیصلہ کیا جائے گا جبکہ لیکویڈیشن روکنے کے لیے کابینہ کمیٹی کو سفارشات پیش کی جائیں گی۔ حکام صنعت و پیداوار نے امید ظاہر کی کہ عالمی سرمایہ کاروں کے تعاون سے پاکستان اسٹیل ملز دوبارہ فعال ہوسکتی ہے۔ یاد رہے کہ ایس آئی ایف سی نے مئی 2024 میں پاکستان اسٹیل ملز کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا تھا جبکہ کابینہ کمیٹی برائے رائٹ سائزنگ نے اگست 2024 میں اس کی لیکویڈیشن کی منظوری دی تھی۔

بقیہ 16

نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور بیلاروس کے تعلقات باہمی اعتماد، تعاون اور مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں، جبکہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی روابط کو نئی سطح پر لے جانے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ جام کمال خان نے کہا کہ دونوں ممالک نے زراعت، صنعت، توانائی، ٹیکنالوجی، دفاع، صحت اور فارماسیوٹیکل سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے، مشترکہ ورکنگ گروپ اور ترجیحی تجارتی نظام پر قریبی پیش رفت سے نئی تجارتی و سرمایہ کاری راہیں کھلیں گی۔ انہوں نے کہا کہ دستخط شدہ پروٹوکول دونوں ممالک کے درمیان شعبہ وار تعاون کے لیے جامع روڈ میپ ہے، جبکہ ہنرمند افرادی قوت، اسکلز ڈویلپمنٹ، ڈیجیٹل معیشت اور چھوٹے و درمیانے کاروبار کے فروغ میں بھی تعاون بڑھایا جائے گا۔ وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان اور بیلاروس کی دوستی باہمی احترام، مشترکہ خوشحالی اور تعاون کے عزم کے ساتھ مزید مستحکم ہوگی اور پاکستان مشترکہ وزارتی کمیشن کے دسویں اجلاس کا منتظر ہے۔

بقیہ 17

صف علی زرداری نے سوراب میں دہشت گردوں کے بارودی مواد کے دھماکے کے نتیجے میں قریبی شہریوں کی ہلاکت پر بھی گہرے افسوس کا اظہار کیا اور متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کیا۔ صدر مملکت نے ہدایت کی کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں مزید موثر انداز میں جاری رکھی جائیں اور ملک میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی قوم غیر ملکی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے اور ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کا بھرپور مقابلہ کیا جائے گا۔

بقیہ 18

بھی ایک ملک پر جارحیت کو فریقین کے خلاف جارحیت تصور کرنے کا فیصلہ خطے میں پائیدار امن، دفاعی یکجہتی اور اجتماعی تحفظ کی بنیاد مضبوط کرنے میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج ہرنائی نے اپنے ایک اہم بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے بین الاقوامی دفاعی معاہدوں کا بنیادی مقصد جنگ کو ہوا دینا ہرگز نہیں، بلکہ امن، خودمختاری، علاقائی استحکام اور اجتماعی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانا ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ ایک ذمہ دار اور سیکیورٹی ضامن ریاست کے طور پر امن بقائے باہمی، مذاکرات اور سفارتی ذرائع سے تنازعات کے حل کی پرزور حمایت کی ہے انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان صدیوں پر محیط تاریخی، مذہبی، ثقافتی اور برادرانہ تعلقات قائم ہیں۔ موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق دفاعی اور سفارتی شعبوں میں یہ پیش رفت ان تعلقات کو مزید مستحکم بنائے گی اور نہ صرف مسلم امہ بلکہ پورے خطے میں امن و استحکام کے لیے ایک مثبت اور فعال کردار ادا کرے گی پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج ہرنائی نے تعلیمی و قومی جذبے کو اجاگر کرتے ہوئے اپنے پیغام میں کہا کہ "اتحاد ہماری طاقت، امن ہماری منزل، تعلیم ہماری بنیاد اور مضبوط دفاع ہماری قومی ذمہ داری ہے۔" انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا باہمی تعاون ایک روشن، محفوظ اور مستحکم مستقبل کے ضامن کے طور پر ابھر رہا ہے۔

بقیہ 19

بھرپور کوشش کر رہے ہیں، پاکستان ہی اپنی سفارتی صلاحیت کی بدولت ایران اور امریکا کو دوبارہ قریب لانے میں مدد کرسکتا ہے۔ ساؤتھ ایشین وائسز نے کہا کہ امریکا سے فوجی و سٹریٹجک شراکت داری اور ایران سے تاریخی روابط کی بدولت پاکستان کو منفرد سفارتی مقام حاصل ہے، پاک فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر آغاز سے ہی ایران اور امریکہ جنگ بندی میں ثالثی کی قیادت کر رہے ہیں۔ عالمی جریدہ کا کہنا ہے کہ پاکستان اور قطر جولائی میں ایران اور امریکا کو جنگ بندی اور آبنائے ہرمز کو کھولنے کیلئے مشترکہ تجارتی پیشکش کر چکے ہیں، ایران کو معاشی دباؤ اور پابندیوں کا سامنا ہے، جبکہ امریکا بھی طویل جنگی اخراجات اور محدود فوجی وسائل کے شدید دباؤ میں ہے۔ ساؤتھ ایشین وائسز کے مطابق امریکا، ایران، سعودی عرب اور چین کیساتھ بیک وقت بہترین تعلقات نے پاکستان کو قابل اعتماد ثالث بنایا، حالیہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکی کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدہ نے بھی خطہ میں پاکستان کے سٹریٹجک کردار کو مزید ابھار دیا، پاکستان ماضی میں بھی امریکا اور چین میں سفارتی روابط اور ایران عراق جنگ میں اہم سفارتی کردار ادا کر چکا ہے۔ امریکہ ایران جنگ سمیت تاریخ کے اہم تنازعات میں بطور ثالث پاکستان کے کردار کی تعریف نے ملک کے وقار کو مزید بلند کر دیا۔

بقیہ 20

کستان کو سیاسی عدم استحکام کا شکار نہیں کرنے دیں گے، اگر ایسا حملہ ہوگا تو حملہ آور کے ہاتھ کاٹے جائیں گے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ نفرت اور انتشار کی وجہ سے نو مئی ہوا اور اسی وجہ سے مال روڈ کا واقعہ پیش آیا، بانی پی ٹی آئی اپنے بیانات اور تقریروں میں نفرت اور انتشار بھرتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ کی سوشل میڈیا پوسٹس ہمارے شہداء کی تضحیک کرتی ہیں، پی ٹی آئی کو کہا گیا ہے کہ نفرت اور انتشار کی سیاست نہ کرے اور نوجوانوں کے ذہنوں میں نفرتیں مت بھرے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی قیادت یہ کہہ کر بری الذمہ نہیں ہوسکتی کہ ہمارا اس کارکن سے کوئی تعلق نہیں، دوسری طرف خود ہی اسکا دفاع بھی کرتے ہیں۔ وزیر مملکت نے کہا کہ پی ٹی آئی آہستہ آہستہ خود کو ہی مائنس کر رہی ہے، راولپنڈی مال روڈ پر پیش آنے والے واقعے کی آزادانہ اور شفاف تحقیقات ہو رہی ہیں جس کے نتائج سامنے آئیں گے۔

بقیہ 21

ہمراہ سیکریٹری سپورٹس درا بلوچ، ڈی جی ڈی سپورٹس ڈاکٹر یاسر بازئی موجود تھے میراتھن ریس میں کئی سو لڑکیوں نے جشن آزادی پاکستان میراتھن ریس میں حصہ لیا۔ میراتھن ریس شہداء زیارت چوک سے شروع ہو کر ایوب اسپورٹس کمپلیکس کوئٹہ میں اختتام پذیر ہوئی اور پہلی دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والی لڑکیوں میں مشیر مینا مجید بلوچ نے بالترتیب 50، 30 اور 20 ہزار روپے اور دیگر نمایاں کارکردگی دکھانے والوں میں میڈلز تقسیم کیے۔ اس موقع پر مشیر وزیراعلیٰ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ صوبہ بھر میں 1 اگست سے جشن آزادی کی تقریبات میں نوجوانوں کی بھرپور شرکت ملک پاکستان سے بے پناہ محبت کی روشن مثال ہے اور آج اس میراتھن ریس کا آغاز شہداء زیارت چوک سے کرنے کا مقصد اپنے ان پولیس کے بہادر شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنا اور دہشت گردی کی مخالفت ہے۔

بقیہ 22

کے ہمراہ زرغون روڈ سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں ٹریفک کی روانی میں خلل ڈالنے والے رکشوں اور تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران زرغون روڈ کی سروس روڈ اور مختلف ہسپتالوں کے سامنے غیر قانونی طور پر کھڑے تمام رکشوں کو فوری طور پر ہٹادیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر امیر حمزہ نے رکشہ ڈرائیوروں کو ہدایت کی کہ وہ سڑکوں اور سروس روڈز پر رکشے کھڑے کرنے سے گریز کریں تاکہ ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو اور شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانا اور عوام کو بلا رکاوٹ آمد و رفت کی سہولت فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ہسپتالوں کے سامنے رکشوں اور دیگر گاڑیوں کی بے ہنگم پارکنگ کے باعث مریضوں اور ان کے لواحقین کو بھی مشکلات پیش آتی ہیں، جس کے تدارک کے لیے موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ٹریفک پولیس اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اہم شاہراہوں، سروس روڈز اور ہسپتالوں کے اطراف ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے تجاوزات اور غیر قانونی پارکنگ کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔

بقیہ 23

ت کا ہر حال میں تحفظ یقینی بنایا جانا چاہیے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ غزہ میں جنگ کے آغاز سے اب تک اس کے ماہرین نے ایک ہزار سے زیادہ گولہ بارود اور دیگر جنگی مواد کی نشاندہی کی ہے جو خطرناک ثابت ہوسکتے ہیں۔ رپورٹ میں غزہ میں ضروری سامان اور خصوصی آلات کی رسائی کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا گیا ہے تاکہ وہاں اہم انسانی خدمات کو مزید وسعت دی جاسکے۔

بقیہ 24

یراعظم نے کہا کہ بطور خادم پنجاب انہوں نے تعلیم کے فروغ کے لیے متعدد اہم اقدامات کیے اور کوشش کی کہ پاکستان تعلیم کے میدان میں دیگر ممالک سے پیچھے نہ رہے۔ پنجاب میں دیگر صوبوں سے طلبہ کو بھی تعلیمی مواقع فراہم کیے گئے۔ شہباز شریف نے کہا کہ یہ کس قدر المیے کی بات ہے کہ ایک طرف امیر طبقے کے بچے مہنگی ترین درسگاہوں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب غریب کا بچہ عام تعلیم کے مواقع سے بھی محروم ہے۔ ایچی سن کالج کا حوالہ دیتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ وہاں غریب کا بچہ تعلیم حاصل کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتا، سوال یہ ہے کہ کیا یہ قائداعظم کا پاکستان ہے جہاں غریب کا بچہ تعلیم کے حصول سے محروم رہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اسی سوچ کے تحت ایچی سن کالج کے مقابلے میں دانش اسکول قائم کیے، آزاد کشمیر و گلگت بلتستان میں بھی دانش اسکول قائم کیے گئے ہیں۔ ان اسکولوں کا دائرہ کار ملک کے دیگر صوبوں تک بھی بڑھایا جائے گا، جبکہ صوبائی حکومتوں کو بھی اسی طرز کے معیاری تعلیمی ادارے قائم کرنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم کو نوجوان نسل سے بہت سی امیدیں وابستہ ہیں، نوجوانوں کو تعلیم کے یکساں مواقع کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے۔ نوجوانوں کو ترقی کی دوڑ میں شامل کیے بغیر ملک ترقی نہیں کرسکتا اور جدید علوم سے ہم آہنگ کیے بغیر پاکستان ترقی کے سفر میں پیچھے رہ جائے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ گزشتہ سال ایک ہزار زرعی گریجویٹس کو جدید علوم کے حصول کے لیے چین بھیجا گیا، جبکہ رواں سال نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی کی تعلیم کے لیے چین بھیجا جائے گا۔ ان طلبہ کا انتخاب صرف میرٹ پر ہوگا اور تمام اخراجات حکومت برداشت کرے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ماضی کی غلطیوں کا ازالہ نوجوانوں کی ترقی اور خوشحالی کے لیے وسائل فراہم کرکے کیا جاسکتا ہے۔ اسلام آباد میں ایک بہترین دانش یونیورسٹی قائم کی جائے گی، جہاں آئندہ سال کلاسز کا اجرا ہوگا۔ انہوں نے نوجوانوں میں میرٹ کی بنیاد پر مزید لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ دو لاکھ 50 ہزار نوجوانوں کو کروم بکس فراہم کی جائیں گی۔ سات لاکھ نوجوانوں کو لیپ ٹاپس دے چکے۔ وزیراعظم نے ملک کی پہلی یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی قائم کرنے کا بھی اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ لیبر فورس میں خواتین کے لیے 35 فیصد کوٹہ مقرر کیا جائے گا جبکہ ہر سال اسٹارٹ اپس کے لیے 10 فیصد کوٹہ مختص کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید ہنر، روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کرکے انہیں ملکی معیشت اور ترقی کے عمل کا فعال حصہ بنایا جائے گا۔

بقیہ 25

گوادر کا آسمان رنگوں میں نہا گیا اور جشن آزادی کی خوشیوں کو چار چاند لگ گئے۔ تقریب میں چینی شہریوں کی شرکت نے پاک چین دوستی اور باہمی خیر سگالی کے جذبے کو مزید اجاگر کیا۔ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی اور وطن عزیز سے اپنی محبت و وابستگی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان کی آزادی ہمارے لیے عظیم نعمت اور قومی ذمہ داری ہے۔ نوجوان ملک کا روشن مستقبل ہیں، انہیں تعلیم، ہنر اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ تقریب میں مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی شخصیات اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کی گئی اور انہیں انعامات سے نوازا گیا۔ جشن آزادی کی یہ شاندار تقریب قومی یکجہتی، حب الوطنی، ثقافتی ورثے اور پاکستان کی ترقی کے عزم کی خوبصورت عکاس بن گئی۔

بقیہ 26

ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ وطن کے بہادر سپوت بلوچستان میں قیام امن کے لیے پرعزم ہیں اور دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ محسن نقوی نے سوراب میں دہشتگردی کے واقعے کے دوران شہید ہونے والے تین شہریوں کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور زخمی ہونے والے دو جوانوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے امن اور سلامتی کے لیے قربانیاں دینے والے شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور دہشتگردی کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔

بقیہ 27

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ہدایات پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی جانب سے ڈاکٹروں، کلینکس اور طبی سروس فراہم کرنے والے اداروں کی ٹیکس تعمیل یقینی بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ اس سلسلے میں متعلقہ ڈاکٹروں، کلینکس اور طبی سروس فراہم کرنے والوں کو حتمی نوٹسز جاری کرتے ہوئے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ، 2015 کے تحت بی آر اے کے ساتھ اپنی رجسٹریشن مکمل کریں اور تمام قانونی تقاضوں کی پابندی یقینی بنائیں۔ نوٹسز میں متعلقہ سروس فراہم کنندگان کو بروقت ٹیکس ریٹرن فائل کرنے، واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی اور دیگر قانونی ذمہ داریاں پوری کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ بی آر اے نے واضح کیا ہے کہ مقررہ مدت میں تعمیل نہ ہونے کی صورت میں بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ، 2015 کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے کہا ہے کہ ٹیکس قوانین پر موثر عملدرآمد، ٹیکس نیٹ میں توسیع، شفافیت اور ٹیکس دہندگان کی سہولت کاری حکومت بلوچستان کی ترجیحات میں شامل ہیں، اور تمام سروس فراہم کنندگان سے قانون کی مکمل پاسداری کی توقع کی جاتی ہے۔

بقیہ 28

نے چیک پوسٹ پر حملہ کرکے اسے دھماکہ خیز مواد سے تباہ کردیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق حملہ رات تقریباً 2 بجے چتر چیک پوسٹ پر کیا گیا، حملے کے بعد نامعلوم مسلح افراد فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق چتر چیک پوسٹ این 40 - شاہراہ پر دالبندین سے تقریباً 52 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی مزید تفصیلات حاصل کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 29

سے تقریباً 70 کلومیٹر دور قلعہ محمد اعظم بستی کے قریب پیش آیا، جہاں تین ایل این جی سے بھرے باؤزرز ایک خالی مکان کے اندر کھڑے تھے۔ پولیس کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے باؤزرز کے ٹائرز کو فائرنگ کا نشانہ بنایا اور بعد ازاں موقع سے فرار ہوگئے۔ واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا جبکہ مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 30

کی ضرورت ہے۔ گورنر سندھ سے مراکش کے سفیر محمد کارمون نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور مراکش کے درمیان دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اعزازی قونصل جنرل اشتیاق بیگ بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران تجارت، سرمایہ کاری، ثقافت اور سیاحت سمیت مختلف شعبوں میں باہمی تعاون بڑھانے اور دونوں ممالک کے درمیان تجارتی و اقتصادی روابط کو مزید مستحکم کرنے کی ضرورت پر اتفاق کیا گیا۔ گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ پاکستان اور مراکش کے درمیان دوطرفہ تجارتی حجم بڑھانے کے وسیع امکانات موجود ہیں، جن سے فائدہ اٹھانے کے لیے کاروباری اور تجارتی روابط کو مزید فعال بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ فٹبال ورلڈ کپ کی مراکش میں میزبانی پاکستان اور مراکش کے درمیان تجارت اور کاروباری روابط کے فروغ کا اہم موقع ثابت ہوسکتی ہے۔ ورلڈ کپ کے دوران پاکستانی مصنوعات، خصوصاً پاکستانی ساختہ فٹبالز کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کے امکانات پر بھی گفتگو کی گئی۔ گورنر سندھ نے کہا کہ عالمی معیار کے مقابلوں میں پاکستانی فٹبالز کی طلب پاکستان کی بہترین صنعتی صلاحیتوں اور کھیلوں کے سامان کی تیاری میں مہارت کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں کے عالمی ایونٹس پاکستانی مصنوعات کے لیے نئی بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی کا ذریعہ بن سکتے ہیں۔ ملاقات میں پاکستان اور مراکش کے درمیان عوامی روابط، ثقافتی تبادلوں اور سیاحتی سرگرمیوں کو مزید فروغ دینے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ دونوں ممالک کے عوام کے درمیان مضبوط روابط اور ثقافتی و سیاحتی تبادلوں سے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کیا جاسکتا ہے، جبکہ تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے نجی شعبے کے درمیان روابط بڑھانا بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 31

موقع پر 14 اگست کو دوپہر 2 بجے سے شام 6 بجے تک زہری فارم ہاؤس، حب بائی پاس پر ایک شاندار اور پروقار خصوصی تقریب کا انعقاد کیا جائے گا، جس میں عوام کی بھرپور شرکت متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ 14 اگست صرف کیلنڈر پر درج ایک تاریخ نہیں بلکہ یہ ہمارے قومی تشخص، آزادی، قربانیوں اور پاکستان سے وفاداری کی تجدید کا دن ہے۔ یہ دن ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جن کے نتیجے میں پاکستان ایک آزاد ریاست کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرا۔ یوم آزادی کی خصوصی تقریب میں ملک کے معروف و مشہور فنکار، اداکار اور دیگر باصلاحیت افراد شرکت کریں گے، جبکہ ملی نغموں، ثقافتی پروگراموں اور تفریحی سرگرمیوں کے ذریعے تقریب کو یادگار بنایا جائے گا۔ تقریب میں پاکستان کی ثقافت، قومی وحدت اور وطن سے محبت کے جذبے کو اجاگر کیا جائے گا۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاکستان کی طاقت اس کی سرزمین کے ساتھ ساتھ اس کے عوام کے اتحاد، عزم اور جذبہ حب الوطنی میں ہے۔ ہمیں یوم آزادی کے موقع پر اس عزم کی تجدید کرنا ہوگی کہ ہم پاکستان کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور مضبوط مستقبل کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان کو ایسے ہی اتحاد، یکجہتی اور اجتماعی عزم کی ضرورت ہے جس نے قیام پاکستان کی جدوجہد کو کامیابی سے ہمکنار کیا تھا۔ ہماری منزل ایک مضبوط، خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ پاکستان ہے، اور اس منزل کا راستہ قومی اتحاد اور اجتماعی محنت سے ہو کر گزرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ہماری پہچان، ہماری امید اور ہماری آنے والی نسلوں کا مستقبل ہے۔ ہمیں آزادی کی نعمت کی قدر کرتے ہوئے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا حصہ ڈالنا ہوگا اور نوجوان نسل کو ایک روشن، پرامن اور ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر کے لیے آگے بڑھانا ہوگا۔ میر علی حسن زہری نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 14 اگست کو زہری فارم ہاؤس، حب بائی پاس میں منعقد ہونے والی یوم آزادی کی خصوصی تقریب میں بھرپور شرکت کریں، اپنے اہل خانہ کے ہمراہ جشن آزادی کی خوشیوں میں شریک ہوں اور پاکستان سے اپنی محبت کا اظہار قومی جوش و جذبے کے ساتھ کریں۔ انہوں نے کہا کہ آئیے اس یوم آزادی پر عہد کریں کہ ہم اختلافات سے بالاتر ہو کر پاکستان کی ترقی، امن، خوشحالی اور قومی یکجہتی کے لیے متحد رہیں گے۔ جشن آزادی کا اصل پیغام یہی ہے کہ ہم سب مل کر پاکستان کو مزید مضبوط اور خوشحال بنانے کے سفر کو آگے بڑھائیں۔

بقیہ 32

طالبات کی طبی و تکنیکی تربیت کے پہلے مرحلے کی تکمیل کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر آفس کے کانفرنس ہال میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ھے اسکل ایجوکیشن ہیلتھ کیئر پروگرام طالبات کی صلاحیتوں میں اضافے کے ساتھ انہیں ہنگامی طبی حالات سے نمٹنے، انسانی جانیں بچانے اور معاشرے کی موثر خدمت کے قابل بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت، محکمہ تعلیم، یونیسف اور یورپی یونین کی مشترکہ کاوشیں بلوچستان کے تعلیمی نظام میں مثبت اور دیرپا تبدیلی کی بنیاد رکھ رہی ہیں۔ ایسے پروگرامز کے ذریعے نوجوان نسل کو محض نصابی تعلیم تک محدود رکھنے کے بجائے انہیں عملی زندگی، صحت عامہ، ایمرجنسی مینجمنٹ اور انسانی خدمت کے لیے ضروری مہارتیں فراہم کی جا رہی ہیں۔ رکن صوبائی نے کہا کہ ہماری سب سے بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ ہم اپنے اندر موجود صلاحیتوں کو بروقت پہچان نہیں پاتے اور نہ ہی انہیں درست سمت میں استعمال کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کے اندر بے شمار صلاحیتیں اور استعداد رکھی ہیں، جنہیں بروئے کار لاکر نہ صرف ذاتی زندگی بلکہ پورے معاشرے میں مثبت تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنی خامیوں پر قابو پائیں، اپنی صلاحیتوں کو نکھاریں اور ملک و قوم کی ترقی میں فعال کردار ادا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ووکیشنل و اسکل ٹریننگ سینٹر کی کامیاب تربیت کے نتیجے میں علاقے کی میٹرک پاس طالبات کے لیے روزگار کے عملی مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ تربیت حاصل کرنے والی متعدد طالبات نے سول ہسپتال میں عارضی بنیادوں پر کام بھی شروع کردیا ہے، جو اس پروگرام کی عملی کامیابی کا واضح ثبوت ہے۔ تقریب سے ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ، ضلعی آفیسر تعلیم زاہد حسین، ایجوکیشن سپورٹ پروگرام کے منیجر عادل لونی اور ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول ھے اسماعیل بلقیس سلیمان نے بھی خطاب کیا اور اسکل ایجوکیشن ہیلتھ کیئر پروگرام کی افادیت، طالبات کی تربیت پر روشنی ڈالی تقریب کے اختتام پر اسکل ایجوکیشن ہیلتھ کیئر کورس کے کامیابی سے مکمل کرنے والی طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے، جبکہ کینگرو مقابلہ ٹیسٹ میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبات کو بھی سرٹیفکیٹس دیے گئے۔

بقیہ 33

افغان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے تین رکنی بینچ نے میر چنگیز خان مری کی جانب سے الیکشن کمیشن کے فیصلے کے خلاف دائر درخواست کی سماعت کی۔ الیکشن کمیشن نے پی بی 9 کوہلو کے چار پولنگ اسٹیشنز پر 27 اگست کو دوبارہ پولنگ کا حکم دیا تھا، جسے میر چنگیز خان مری نے سپریم کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔ سماعت کے دوران عدالت نے الیکشن کمیشن کے چار پولنگ اسٹیشنز پر ری پول کے فیصلے کو معطل کرتے ہوئے میر چنگیز خان مری کی رکنیت بحال کردی۔ عدالت نے مقدمے کے فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے مزید سماعت اگست کے آخری ہفتے تک ملتوی کردی۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد پی بی 9 کوہلو میں آئندہ ری پول کے حوالے سے الیکشن کمیشن کے فیصلے پر عملدرآمد فی الحال رک گیا ہے۔

بقیہ 34

صحت کی سہولیات، جاری منصوبوں اور دیگر امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، سرکاری ہسپتالوں اور مراکز صحت میں علاج معالجے کی سہولیات، ادویات، ڈاکٹرز اور دیگر ضروری امور کو بہتر بنایا جائے گا جبکہ جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ معیار کے مطابق بروقت مکمل کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور درپیش مسائل کے حل کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کی جائے۔

بقیہ 35

منظم اور پیشہ ورانہ انداز میں منعقد کیے گئے۔ اس تاریخی ایونٹ کو بلوچستان کی کھیلوں کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا جارہا ہے، کیونکہ صوبے کے مختلف اضلاع سے نوجوان کھلاڑیوں نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ ایونٹ کے فنی اور تکنیکی انتظامات بلوچستان ایتھلیٹکس ایسوسی ایشن کی جانب سے انجام دیے گئے، جنہیں شرکاء کی جانب سے سراہا گیا۔ مقابلوں کے دوران ایسوسی ایشن کے ججز نے غیر جانبدارانہ فیصلوں اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر میجر جنرل ممتاز علی نے بلوچستان ایتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے ججز کی کارکردگی، شفاف فیصلوں اور پیشہ ورانہ انداز کو خصوصی طور پر سراہا۔ انہوں نے چیمپئن شپ کے کامیاب انعقاد پر آرگنائزنگ کمیٹی کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی کاوشوں کو قابل ستائش قرار دیا۔

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی معاہدہ، کیا خطے میں ایک نئی صف بندی شروع ہوگئی ہے؟

تحریر: ثاقب خان سدوزئی

دنیا کی سیاست میں بعض فیصلے بظاہر ایک معاہدے سے زیادہ نہیں ہوتے، لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ان کے اثرات بہت دور تک محسوس کیے جاتے ہیں۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والا حالیہ دفاعی معاہدہ بھی کچھ ایسا ہی معاملہ دکھائی دیتا ہے۔ مکہ مکرمہ میں ہونے والی اس اہم پیش رفت نے نہ صرف تینوں ممالک کے تعلقات کو ایک نئی اہمیت دی ہے بلکہ یہ سوال بھی اٹھایا ہے کہ کیا مسلم دنیا کے اہم ممالک اب اپنی سکیورٹی کے لیے ایک دوسرے کے مزید قریب آ رہے ہیں؟ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے تعلقات کوئی نئی بات نہیں۔ تینوں ممالک کے درمیان کئی دہائیوں سے دوستی، سیاسی تعاون اور دفاعی روابط موجود ہیں۔ لیکن موجودہ صورتحال میں ان تعلقات کو ایک مشترکہ دفاعی فریم ورک میں لانا ایک مختلف نوعیت کی پیش رفت ہے۔ اس معاہدے کی بنیادی روح باہمی دفاع اور سکیورٹی تعاون ہے۔ اگر تینوں ممالک میں سے کسی ایک کو مسلح حملے کا سامنا ہوتا ہے تو اسے صرف اس ایک ملک کا مسئلہ نہیں سمجھا جائے گا بلکہ تینوں ممالک کی سلامتی سے جوڑا جائے گا۔ بظاہر یہ ایک سادہ سی بات لگتی ہے، لیکن بین الاقوامی سیاست میں اس طرح کا عزم خاصا اہم ہوتا ہے، کیونکہ اس کے ذریعے تینوں ممالک ایک دوسرے کو یہ پیغام دیتے ہیں کہ مشکل وقت میں وہ ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ یہ معاہدہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب دنیا پہلے ہی کئی بڑے تنازعات اور سکیورٹی بحرانوں کا سامنا کر رہی ہے۔ مشرق وسطیٰ میں مسلسل کشیدگی ہے، عالمی طاقتوں کے درمیان مقابلہ بڑھ رہا ہے اور مختلف ممالک اپنی دفاعی پالیسیوں پر نئے سرے سے غور کر رہے ہیں۔ ایسے ماحول میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا ایک دوسرے کے قریب آنا یقیناً توجہ طلب ہے۔ پاکستان کے لیے سعودی عرب ہمیشہ سے ایک خاص ملک رہا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات صرف حکومتوں تک محدود نہیں بلکہ عوامی سطح پر بھی ان کی جڑیں بہت گہری ہیں۔ پاکستان میں سعودی عرب کے لیے ایک خاص احترام پایا جاتا ہے جبکہ سعودی عرب میں لاکھوں پاکستانی مختلف شعبوں میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ دفاعی میدان میں بھی پاکستان اور سعودی عرب کا تعلق پرانا ہے۔ پاکستانی فوج کے اہلکار سعودی عرب میں مختلف ادوار کے دوران تربیتی اور مشاورتی ذمہ داریاں انجام دیتے رہے ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان فوجی مشقیں اور سکیورٹی تعاون بھی جاری رہا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ نئے معاہدے سے کیا بدلے گا؟ سب سے بڑا فرق یہ ہو سکتا ہے کہ دونوں ممالک کے دفاعی تعلقات ایک وسیع تر علاقائی فریم ورک کا حصہ بن جائیں۔ اس فریم ورک میں ترکیہ کی شمولیت اسے مزید اہم بنا دیتی ہے۔ ترکیہ آج صرف ایک سیاسی طاقت نہیں بلکہ دفاعی ٹیکنالوجی کے میدان میں بھی تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ ڈرون ٹیکنالوجی سے لے کر بحری دفاعی نظام اور جدید فوجی سازوسامان تک ترکیہ نے اپنی دفاعی صنعت میں نمایاں پیش رفت کی ہے۔ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان پہلے ہی دفاعی تعاون موجود ہے اور دونوں ممالک مختلف منصوبوں پر کام کر رہے ہیں۔ اگر مستقبل میں پاکستان اور ترکیہ کے درمیان موجود دفاعی تعاون کو سعودی عرب کے ساتھ بھی جوڑا جاتا ہے تو تینوں ممالک کے لیے کئی نئے مواقع پیدا ہو سکتے ہیں۔ یہاں سعودی عرب کا کردار بھی انتہائی اہم ہے۔ سعودی عرب کے پاس خطے میں ایک مضبوط معاشی اور سیاسی حیثیت ہے۔ تیل اور توانائی کے وسائل کے ساتھ ساتھ سعودی عرب گزشتہ کچھ عرصے سے اپنی معیشت کو مختلف شعبوں میں پھیلانے کی کوشش کر رہا ہے۔ دفاع، ٹیکنالوجی، صنعت اور سرمایہ کاری اس نئی اقتصادی حکمت عملی کے اہم حصے ہیں۔ دوسری طرف پاکستان کو سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور معاشی شراکت داری کی ضرورت ہے۔ اگر دفاعی تعاون کے ساتھ اقتصادی تعلقات بھی مضبوط ہوتے ہیں تو تینوں ممالک کے لیے یہ شراکت داری مزید فائدہ مند ہو سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس معاہدے کو صرف ایک فوجی معاہدہ سمجھنا شاید کافی نہیں ہوگا۔ اس کے پیچھے اقتصادی اور سفارتی امکانات بھی موجود ہیں۔ تاہم اس معاہدے کے بعد ایک اصطلاح بہت زیادہ سننے کو مل رہی ہے، اور وہ ہے "مسلم نیٹو"۔ بعض مبصرین اسے مسلم دنیا کے ایک نئے دفاعی اتحاد کی طرف قدم قرار دے رہے ہیں، لیکن حقیقت میں ابھی ایسا کہنا قبل از وقت ہوگا۔ نیٹو ایک مکمل اور باقاعدہ فوجی اتحاد ہے جس کا اپنا مستقل ادارہ جاتی ڈھانچہ، مشترکہ کمانڈ اور کئی دہائیوں پر محیط نظام موجود ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان موجودہ معاہدہ ابھی اس سطح کا اتحاد نہیں ہے۔ اسے تین ممالک کے درمیان مشترکہ دفاعی اور سکیورٹی تعاون کا معاہدہ کہنا زیادہ درست ہوگا۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ اگر یہ تعاون مستقبل میں مزید ممالک تک پھیلتا ہے اور تینوں ممالک مشترکہ دفاعی منصوبہ بندی، فوجی مشقوں، انٹیلی جنس تعاون اور دفاعی پیداوار میں مستقل بنیادوں پر آگے بڑھتے ہیں تو اس کی نوعیت موجودہ معاہدے سے کہیں زیادہ وسیع ہو سکتی ہے۔ یہاں ایک اور اہم سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس معاہدے کا بھارت پر کیا اثر ہوگا؟ پاکستان اور بھارت کے درمیان تعلقات پہلے ہی حساس نوعیت کے ہیں۔ دوسری طرف ترکیہ اور پاکستان کے درمیان قریبی تعلقات بھی سب کے سامنے ہیں۔ سعودی عرب کا اس دفاعی تعاون میں شامل ہونا جنوبی ایشیا اور خلیج کے تعلقات کو مزید اہم بنا دیتا ہے۔ لیکن اس معاہدے کو صرف بھارت مخالف اتحاد قرار دینا درست نہیں ہوگا۔ تینوں ممالک نے اسے دفاعی اور سکیورٹی تعاون کے طور پر پیش کیا ہے اور اس کا مقصد کسی مخصوص ملک کے خلاف محاذ بنانا نہیں بتایا گیا۔ پاکستان کے لیے اصل چیلنج یہی ہوگا کہ وہ اپنے دفاعی تعلقات کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ بھی متوازن تعلقات برقرار رکھے۔ ایران کا معاملہ بھی اسی حوالے سے اہم ہے۔ ایران خطے کی ایک بڑی طاقت ہے اور پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ تینوں کے ساتھ اس کے مختلف نوعیت کے تعلقات ہیں۔ اس لیے تینوں ممالک کے درمیان کسی بھی بڑے دفاعی تعاون کو ایران نظر انداز نہیں کر سکتا۔ تاہم اگر یہ معاہدہ واقعی دفاعی نوعیت تک محدود رہتا ہے اور اسے کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال کرنے کے بجائے علاقائی امن اور سکیورٹی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے تو اس کے مثبت نتائج بھی سامنے آ سکتے ہیں۔ پاکستان کے لیے اس معاہدے کا ایک اور اہم پہلو دفاعی ٹیکنالوجی ہے۔ پاکستان کئی برسوں سے اپنی دفاعی ضروریات کا ایک بڑا حصہ مقامی سطح پر پورا کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ ترکیہ اس شعبے میں پاکستان کے لیے ایک اہم شراکت دار بن سکتا ہے۔ ترکیہ نے کم وقت میں اپنی دفاعی صنعت میں جو ترقی کی ہے، اس سے پاکستان بھی فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ دوسری طرف سعودی عرب بھی اپنی دفاعی صلاحیت کو جدید بنانے پر توجہ دے رہا ہے۔ اگر تینوں ممالک دفاعی پیداوار اور ٹیکنالوجی کے میدان میں مشترکہ منصوبے شروع کرتے ہیں تو اس سے نہ صرف تینوں ممالک کو فائدہ ہوگا بلکہ مسلم دنیا میں دفاعی ٹیکنالوجی کے حوالے سے ایک نیا تعاون بھی سامنے آ سکتا ہے۔ یہاں سے یہ معاہدہ اقتصادی میدان میں بھی داخل ہوتا ہے۔ دفاعی صنعت صرف فوجی ضرورت پوری نہیں کرتی بلکہ اس سے ہزاروں ملازمتیں، صنعتی منصوبے، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور نئی سرمایہ کاری بھی پیدا ہوتی ہے۔ اگر پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ مشترکہ دفاعی منصوبے شروع کرتے ہیں تو اس کے اقتصادی اثرات بھی کافی اہم ہو سکتے ہیں۔ پاکستان کے لیے سعودی سرمایہ کاری بھی انتہائی اہم ہے۔ ملک کو توانائی، انفراسٹرکچر، صنعت اور دیگر شعبوں میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی ضرورت ہے۔ سعودی عرب کے پاس سرمایہ کاری کی صلاحیت موجود ہے جبکہ پاکستان کے پاس مختلف شعبوں میں مواقع موجود ہیں۔ ترکیہ بھی پاکستان میں صنعتی اور تجارتی منصوبوں میں دلچسپی رکھتا ہے۔ اس لیے اگر سیاسی اور دفاعی اعتماد مزید مضبوط ہوتا ہے تو اقتصادی تعلقات میں بھی تیزی آ سکتی ہے۔ لیکن ہر بڑی شراکت داری کی طرح اس معاہدے کے سامنے بھی کچھ مشکلات موجود ہیں۔ سب سے بڑی مشکل تینوں ممالک کی مختلف خارجہ پالیسی ترجیحات ہیں۔ پاکستان کے اپنے علاقائی مسائل ہیں، سعودی عرب کے مشرق وسطیٰ سے متعلق اپنے مفادات ہیں اور ترکیہ بھی ایک ایسی خارجہ پالیسی پر عمل کر رہا ہے جس میں یورپ، مشرق وسطیٰ، ایشیا اور نیٹو کے ساتھ تعلقات سب شامل ہیں۔ اس لیے یہ ضروری ہوگا کہ تینوں ممالک اپنے مشترکہ مفادات کو واضح رکھیں اور ایسے معاملات میں ایک دوسرے کے لیے مشکلات پیدا نہ ہوں جہاں ان کے قومی مفادات مختلف ہوں۔ معاہدے کی کامیابی کا اصل امتحان بھی یہی ہوگا۔ کاغذ پر کیے گئے معاہدے اپنی جگہ اہم ہوتے ہیں، لیکن اصل طاقت اس وقت پیدا ہوتی ہے جب معاہدے عملی منصوبوں میں تبدیل ہوں۔ اگر پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ باقاعدگی سے مشترکہ فوجی مشقیں کرتے ہیں، دفاعی ٹیکنالوجی پر کام کرتے ہیں، انٹیلی جنس تعاون بڑھاتے ہیں اور سکیورٹی کے معاملات پر مستقل رابطہ رکھتے ہیں تو اس معاہدے کی اہمیت کئی گنا بڑھ سکتی ہے۔ دوسری طرف اگر یہ صرف ایک سیاسی اعلان بن کر رہ گیا تو اس کے اثرات محدود ہوں گے۔ یہی وجہ ہے کہ آنے والے چند سال اس معاہدے کے مستقبل کے لیے انتہائی اہم ہوں گے۔ ایک دلچسپ امکان یہ بھی ہے کہ مستقبل میں اس تعاون میں مزید ممالک شامل ہونے کی کوشش کریں۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو خطے میں ایک نیا علاقائی سکیورٹی نیٹ ورک تشکیل پا سکتا ہے۔ تاہم ابھی یہ کہنا مشکل ہے کہ یہ تعاون کس حد تک پھیل سکتا ہے۔ پاکستان کے لیے اس پورے معاملے میں سب سے مثبت پہلو یہ ہے کہ اسے سعودی عرب اور ترکیہ دونوں کے ساتھ اپنے تعلقات کو ایک نئے انداز میں آگے بڑھانے کا موقع مل رہا ہے۔ پاکستان کو اس وقت معاشی استحکام، سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی اور مضبوط سفارتی تعلقات کی ضرورت ہے۔ اگر وہ دفاعی تعاون کو اقتصادی اور ٹیکنالوجی تعاون کے ساتھ جوڑنے میں کامیاب ہو جاتا ہے تو اس معاہدے کے فوائد کافی وسیع ہو سکتے ہیں۔ سعودی عرب کے لیے بھی پاکستان اور ترکیہ کے ساتھ تعاون اس کی علاقائی سکیورٹی اور دفاعی حکمت عملی کا اہم حصہ بن سکتا ہے۔ ترکیہ کے لیے یہ شراکت داری مشرق وسطیٰ اور جنوبی ایشیا میں اس کے کردار کو مزید مضبوط کرنے کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ آخر میں بات صرف ایک دفاعی معاہدے کی نہیں بلکہ اعتماد کی ہے۔ بین الاقوامی سیاست میں ممالک ایک دوسرے کے ساتھ اس وقت ہی طویل مدتی شراکت داری قائم کرتے ہیں جب انہیں یقین ہو کہ مشکل وقت میں دوسرا ملک ان کے ساتھ کھڑا ہوگا۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان حالیہ معاہدہ اسی اعتماد کو ایک باقاعدہ شکل دینے کی کوشش دکھائی دیتا ہے۔ یہ کہنا ابھی مشکل ہے کہ یہ معاہدہ خطے میں کتنی بڑی تبدیلی لائے گا، لیکن اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ اب اپنے تعلقات کو محض روایتی دوستی تک محدود رکھنے کے بجائے انہیں ایک زیادہ منظم اور تزویراتی شراکت داری کی طرف لے جانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اگر آنے والے برسوں میں تینوں ممالک دفاع کے ساتھ ساتھ تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، توانائی اور سفارت کاری کے شعبوں میں بھی ایک دوسرے کے قریب آتے ہیں تو مکہ مکرمہ میں ہونے والا یہ معاہدہ مستقبل میں ایک بڑے علاقائی تعاون کی بنیاد کے طور پر یاد کیا جا سکتا ہے۔ فی الحال سب کی نظریں اس بات پر ہیں کہ پاکستان، سعودی 7 عرب اور ترکیہ اس معاہدے کو عملی شکل دینے کے لیے اگلا قدم کیا اٹھاتے ہیں۔ اگر تینوں ممالک اپنے وعدوں کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو یہ شراکت داری نہ صرف تینوں ممالک کے لیے بلکہ پورے خطے کے لیے ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہو سکتی ہے۔

بقیہ 01

موقع پر 14 اگست کو دوپہر 2 بجے سے شام 6 بجے تک زہری فارم ہاؤس پی سی ایچ پاس پر ایک شاندار اور پروقار خصوصی تقریب کا انعقاد کیا جائے گا، جس میں عوام کی بھرپور شرکت متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ 14 اگست صرف کیلنڈر پر درج ایک تاریخ نہیں بلکہ یہ ہمارے قومی تشخص، آزادی، قربانیوں اور پاکستان سے وفاداری کی تجدید کا دن ہے۔ یہ دن ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جن کے نتیجے میں پاکستان ایک آزاد ریاست کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرا۔ یوم آزادی کی خصوصی تقریب میں ملک کے معروف و مشہور فنکار، اداکار اور دیگر باصلاحیت افراد شرکت کریں گے، جبکہ ملی نغموں، ثقافتی پروگراموں اور تفریحی سرگرمیوں کے ذریعے تقریب کو یادگار بنایا جائے گا۔ تقریب میں پاکستان کی ثقافت، قومی وحدت اور وطن سے محبت کے جذبے کو اجاگر کیا جائے گا۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاکستان کی طاقت اس کی سرزمین کے ساتھ ساتھ اس کے عوام کے اتحاد، عزم اور جذبہ حب الوطنی میں ہے۔ ہمیں یوم آزادی کے موقع پر اس عزم کی تجدید کرنا ہوگی کہ ہم پاکستان کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور مضبوط مستقبل کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان کو ایسے ہی اتحاد، یکجہتی اور اجتماعی عزم کی ضرورت ہے جس نے قیام پاکستان کی جدوجہد کو کامیابی سے ہمکنار کیا تھا۔ ہماری منزل ایک مضبوط، خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ پاکستان ہے، اور اس منزل کا راستہ قومی اتحاد اور اجتماعی محنت سے ہو کر گزرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ہماری پہچان، ہماری امید اور ہماری آنے والی نسلوں کا مستقبل ہے۔ ہمیں آزادی کی نعمت کی قدر کرتے ہوئے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا حصہ ادا کرنا ہوگا اور نوجوان نسل کو ایک روشن، پرامن اور ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر کے لیے آگے بڑھانا ہوگا۔ میر علی حسن زہری نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 14 اگست کو زہری فارم ہاؤس پی سی ایچ پاس میں منعقد ہونے والی یوم آزادی کی خصوصی تقریب میں بھرپور شرکت کریں، اپنے اہل خانہ کے ہمراہ جشن آزادی کی خوشیوں میں شریک ہوں اور پاکستان سے اپنی محبت کا اظہار قومی جوش و جذبے کے ساتھ کریں۔ انہوں نے کہا کہ آئیے اس یوم آزادی پر عہد کریں کہ ہم اختلافات سے بالاتر ہو کر پاکستان کی ترقی، امن، خوشحالی اور قومی یکجہتی کے لیے متحد رہیں گے۔ جشن آزادی کا اصل پیغام یہی ہے کہ ہم سب مل کر پاکستان کو مزید مضبوط اور خوشحال بنانے کے سفر کو آگے بڑھائیں۔

بقیہ 02

طالبات کی علمی و تکنیکی تربیت کے پہلے مرحلے کی تکمیل کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر آفس کے کانفرنس ہال میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ہے اسکل ایجوکیشن ہیلتھ کیئر پروگرام طالبات کی صلاحیتوں میں اضافے کے ساتھ انہیں ہنگامی طبی حالات سے نمٹنے، انسانی جانیں بچانے اور معاشرے کی مؤثر خدمت کے قابل بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت، محکمہ تعلیم، یونیسف اور یورپی یونین کی مشترکہ کاوشیں بلوچستان کے تعلیمی نظام میں مثبت اور دیرپا تبدیلی کی بنیاد رکھ رہی ہیں۔ ایسے

اظہار کیا گیا کہ ایک عالمی سازش کے ذریعے پاکستانی قوم کے اندر نفاق کے بیج بوئے جا رہے ہیں، اور ہمیں اندرونی طور پر ایک سازش کے تحت کمزور کرنے کی کوششیں بڑی تیزی سے جاری ہیں، جو کبھی بھی کامیاب نہیں ہوں گی، ہمارے اکابرین نے اپنے جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ہمیں دائمی غلامی سے حصول کے لیے نجات دلوا دیا ہیں، اب ہمارے اوپر وطن عزیز کی سلامتی اور حفاظت فرض ہیں، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی حدیث کی روشنی میں کہ وطن کی مٹی سے محبت کرنا جز ایمانی ہیں، لہذا اس ایمانی جذبے سے سرشار ہو کر ہم نے اپنے آپس کے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر یکجہتی اتحاد اور اتفاق کے اصولوں پر عمل پیرا ہو کر اس سازش کو ناکام بنائیں، جو ہمارے اتحاد اور اتفاق کو پارہ پارہ کرنے کی کوششوں مصروف عمل ہیں، آخر میں ملک کی سلامتی استحکام اور ترقی کیلئے خصوصی دعا پروفیسر محب اللہ قریشی نے کروائی اس پروگرام کے نظامت کے فرائض پروفیسر عبدالغفار شیرانی نے سرانجام دیئے، اور آخر میں پرنسپل آفس میں مہمانوں کیلئے چائے پارٹی کا اہتمام کیا گیا تھا۔

بقیہ 06

شیشے اتارے اور 13 غیر رجسٹرڈ موٹر سائیکلیں بند کیں۔ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر بروری اور پشتون آباد پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران منشیات فروش امان اللہ کو گرفتار کر لیا جبکہ پشتون آباد میں شیشہ پوائنٹ چلانے والے 3 ملزمان نثار احمد، عظمت اللہ، احسان اللہ کے قبضے سے 6 حقے، چلم جبکہ 15 مختلف اقسام کے فلیور قبضے میں لے لئے اس کے علاوہ کرایہ داری ایکٹ کے ملزم عتیق اللہ کو گرفتار کر لیا اس کے علاوہ 6 افغان باشندوں کو حراست میں لیکر ڈی سی آفس پہنچا دیا جبکہ چیکنگ کے دوران 17 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے اور 13 غیر رجسٹرڈ موٹر سائیکلوں کو بند کیں اس کے علاوہ ایک اور کارروائی میں 7 افغان باشندوں کو گرفتار کیا گیا اور ان کے خلاف الگ الگ کارروائی شروع کر دی گئی۔

بقیہ 07

15 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ زلزلے کا مرکز ژوب سے 122 کلومیٹر شمال مشرق میں تھا۔ زلزلے کے باعث شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا اور وہ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ زلزلے سے کسی قسم کے جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

بقیہ 08

اور فنی مہارتوں سے آراستہ کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ تعلیم گوادر اور ایجوکیشن سپورٹ پروگرام (ESP) کے زیر اہتمام ڈپٹی کمشنر گوادر کے کانفرنس ہال میں اسکل ایجوکیشن ہیلتھ کیئر پروگرام کے پہلے مرحلے کی تکمیل کے حوالے سے منعقدہ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ہے انہوں نے کہا کہ اسکول کی سطح پر طالبات کو بنیادی طبی مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نصابی تعلیم کے ساتھ ایسی عملی تربیت نوجوانوں میں خود اعتمادی، ذمہ داری اور ہنگامی طبی حالات میں مؤثر کردار ادا کرنے کی صلاحیت

مائنز حادثات کی شفاف، غیر جانبدرانہ تحقیقات کر کے ذمہ داروں کو سخت سزائیں دی جائیں

کان کنی مزدوروں کیلئے موت کا کنواں بن گئی ہے، سلطان محمد خان

کان کنوں کی بیواؤں، بچوں سمیت زیر کفالت افراد کیلئے مستقل سماجی و مالی تحفظ یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان نے کہا ہے کہ بلوچستان میں مائننگ کا شعبہ کانکوں کیلئے موت کا کنواں بن گیا ہے، مائنز میں آئے روز پیش آنے والے حادثات اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ کان کنوں کی صحت، تحفظ وسلامتی کیلئے موجود حفاظتی قوانین پر عمل درآمد نہیں ہو رہا، رواں سال ملک بھر میں 103 مائن ورکرز مختلف حادثات کے نتیجے میں شہید ہو چکے (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار امین کو گیس کے بل پر 170000 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار امین نے بتایا کہ انہیں گیس آفس کی جانب سے غیر منصفانہ بل موصول ہوا۔ جس کی درستگی کے لیے انہوں نے متعدد بار گیس آفس سے رجوع کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

ڈاکٹر وقاص کاکڑ کا ہسپتال کا سرپرائز دورہ

مریضوں کے ساتھ نامناسب رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا

شاہرگ (خ ن) عوام کو صحت کی بہترین اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے انچارج رورل ہیلتھ سینٹر (آر ایچ سی) شاہرگ ڈاکٹر وقاص کاکڑ نے ہسپتال کا تفصیلی اور سرپرائز دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا، عملے کی حاضری کا ریکارڈ چیک کیا اور زیر علاج مریضوں سے مل کر انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور ادویات کی دستیابی کا جائزہ لیا دورے کے دوران انچارج آر ایچ سی شاہرگ نے او پی ڈی (OPD)، ایمرجنسی وارڈ، فارمیسی، اور لیبارٹری کا باری باری معائنہ کیا۔ انہوں نے حاضری (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

انٹرنیٹ کی بندش سے ہر مکتبہ فکر کے لوگ متاثر ہو رہے ہیں، مرکزی تنظیم تاجران

بلوچستان بھر میں آئے روز موبائل نیٹ ورک اور انٹرنیٹ سروس کی بندش سے تاجروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

تاجروں کے آن لائن کاروبار، آرڈرز، ڈیجیٹل ادائیگیاں، بینکنگ سروسز اور دیگر کاروباری معاملات متاثر ہوتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں آئے روز موبائل نیٹ ورک اور انٹرنیٹ سروس کی بندش سے تاجروں کو شدید مشکلات کا سامنا، جبکہ کاروباری سرگرمیاں متاثر ہونے کے باعث تاجروں کو کروڑوں روپے کے نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ وفاقی حکومت اور متعلقہ ادارے صورتحال کے تدارک کے لیے عملی اقدامات کریں۔ یہ بات چیئر (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

لاہور: جشن آزادی کی آمد کے پیش نظر گیٹ روڈ پر قومی پرچم اور دیگر اشیاء سے سجے سٹال پر شہریوں کا رش لگا ہوا ہے

پاکستان کے 79 ویں جشنِ آزادی کا شاندار ٹیزر لانچ کر دیا گیا

سبز ہلالی پرچم بلند کرنے اور ملی یکجہتی کے عزم کے ساتھ جشن آزادی منانے کی دعوت

قیام پاکستان کی جدوجہد اور قومی یکجہتی سے روشناس کرانا اور آزادی کی خوشیوں کو بھرپور انداز میں منانا ہے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے 79 ویں جشن آزادی کی تقریبات کو بھرپور جوش و جذبے سے منانے کے لیے خصوصی ٹیزر لانچ کر دیا گیا۔ ٹیزر میں قوم کو آزادی کی خوشیوں میں بھرپور شرکت، سبز ہلالی پرچم بلند کرنے اور ملی یکجہتی کے عزم کے ساتھ جشن آزادی منانے کی دعوت دی گئی ہے۔ ٹیزر کے پیغام میں کہا گیا ہے کہ چلو پھر سے مسکرائیں، شب (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

بی ڈی اے کو ختم کرنے کا فیصلہ واپس لیا جائے، نور زمان کاکڑ

بی ڈی اے میں اچھے، ایماندار، تجربہ کار انجینئرز اور افسران کی تعداد موجود ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن کے صوبائی صدر نور زمان کاکڑ، جنرل سیکرٹری حاجی ابراہیم زہری، نائب صدر حضرت علی اچکزئی، اسلم کھیتران، خالد جاوید، بی ڈی اے کے صدر میر عارف بنگلزئی، یعقوب مندوخیل، سردار عبدالغنی (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

یوم آزادی کے موقع پر 14 اگست کو زہری فارم ہاؤس حب بائی پاس پر ایک شاندار اور پروقار خصوصی تقریب کا انعقاد کیا جائے گا

میر علی حسن زہری کا یوم آزادی پاکستان بھرپور جوش و جذبے کیساتھ منانے کا اعلان

14 اگست کو زہری فارم ہاؤس میں منعقد ہونے والی یوم آزادی کی خصوصی تقریب میں اپنے اہلِ خانہ کے ہمراہ بھرپور شرکت کریں

حب (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و سینئر صوبائی نائب صدر پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری نے قوم کو یوم آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ 14 اگست کو یوم آزادی پاکستان بھرپور جوش و جذبے، قومی یکجہتی اور حب الوطنی کے ولولے کے ساتھ منایا جائے گا۔ میر علی حسن زہری کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق یوم آزادی کے (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

اقلیتوں کے مذہبی مقامات، جان مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے: پیٹر چارلس سہوترا

اقلیتوں کی آزادی اور حقوق کے تحفظ کیلئے قائداعظم کے افکار پر عمل پیرا ہونے کی اشد ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے چیئرمین پیٹر چارلس سہوترا نے کہا ہے کہ کرسچن کمیونٹی نے پاکستان بنانے میں اہم کردار ادا کرنے کے بعد اعلیٰ عدلیہ، دفاع، تعلیم، میڈیکل کے شعبوں میں ناقابل فراموش خدمات انجام دی ہیں، پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتیں برابر کی شہری ہیں، ان کے حقوق کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے، ملک میں مذہبی ہم آہنگی، امن اور انصاف کے قیام کیلئے اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ ناگزیر ہے، پاکستان میں اقلیتوں کے مذہبی مقامات اور جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے تاریخی دفاعی معاہدے کے خیر مقدم میں ضلع بھر میں یکجہتی کا مظاہرہ

ہرنائی (خ ن) پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے تاریخی دفاعی معاہدے کے خیر مقدم میں ضلع بھر میں یکجہتی کا مظاہرہ ڈپٹی کمشنر کمپلیکس ہرنائی، ایس پی آفس اور اسسٹنٹ کمشنر آفس شاہرگ میں تینوں برادر ممالک کے قومی پرچم لہرا دیے گئے یہ معاہدہ دفاعی تعاون کو مستحکم کر (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

اللہ تعالیٰ نے انسان کے اندر بے شمار صلاحیتیں اور استعداد رکھی ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ طبی، فنی اور عملی مہارتوں کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

حکومت، محکمہ تعلیم، یونیسف اور یورپی یونین کی مشترکہ کاوشیں بلوچستان کے تعلیمی نظام میں مثبت اور دیرپا تبدیلی کی بنیاد رکھ رہی ہیں

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ طبی، فنی اور عملی مہارتوں کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ تعلیم گوادر، ایجوکیشن سپورٹ پروگرام (ESP)، یونیسف (UNICEF) اور یورپی یونین کے اشتراک سے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول شہید اسماعیل گوادر میں قائم اسکل ایجوکیشن ہیلتھ کیئر سینٹر میں (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

سوراب: ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیرنگرانی یوم آزادی کی مناسبت سے ڈی سی کمپلیکس سمیت شہر کے مختلف اہم مقامات پر آویزاں کئے گئے قومی پرچم اور جشن آزادی کے بینرز کی تصویری جھلکیاں

آزادی ہماری قومی خوشی کا دن ہے، ایس ایس پی اوستہ محمد

اور عوام کو پرامن ماحول فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، حافظ معاذ الرحمان

اوستہ محمد (آن لائن) ایس ایس پی ضلع اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جشن آزادی کے موقع پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات مکمل پولیس کو ہائی الرٹ رہنے کا حکم دے دیا گیا ہے یوم آزادی کے موقع پر ضلع میں منعقدہ تقریبات اور ریلیوں کے لیے سیکورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا ہے جشن آزادی کو شایان شان طریقے سے منانے (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

لسبیلہ ڈویژن قیام کے بعد پہلے ڈی آئی جی عبدالقیوم پتافی نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

حب (خ ن) لسبیلہ ڈویژن قیام کے بعد پہلے ڈی آئی جی عبدالقیوم پتافی نے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ فرائض سرانجا (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

79 ویں یوم آزادی اتھلیٹکس چیمپئن شپ کا شاندار انعقاد

کیڈٹ و ڈگری کالجز کی ٹیموں اور تمام ٹیم آفیشلز نے بھرپور شرکت کی

کوئٹہ (خ ن) موسیٰ اسٹیڈیم کوئٹہ میں 79 ویں یوم آزادی کے سلسلے میں بلوچستان کے کیڈٹ کالجز اور ڈگری کالجز کے درمیان اتھلیٹکس چیمپئن شپ کا پروقار انعقاد کیا گیا، جس میں بلوچستان کے 16 اضلاع سے تعلق رکھنے والے کیڈٹ و ڈگری کالجز کی ٹیموں اور تمام ٹیم آفیشلز نے بھرپور شرکت کی۔ چیمپئن شپ کے دوران مختلف اتھلیٹکس مقابلے انتہائی شفاف، (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت

ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ونگ کمانڈر کرنل رضوان طیب، اسسٹنٹ کمشنر بہادر (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

علاج کا نظام دوبارہ فعال کرنے کیلئے میڈیکل اسٹور کی تعمیر جاری ہے، ڈاکٹر شبیر احمد

مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات جاری ہیں

خضدار (آن لائن) ٹیچنگ ہسپتال خضدار کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر شبیر احمد مینگل نے کہا ہے کہ ہسپتال کو درپیش بنیادی مسائل کے حل اور مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات جاری ہیں۔ پانی کی قلت، پارکنگ، صفائی، ایمرجنسی، اسٹاف کی حاضری، گائنی و ڈیلیوری سروسز، این آئی سی یو، تھیلیسیمیا سینٹر اور ہیلتھ کا (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

مینیجنگ ڈائریکٹر لیڈا کی جانب سے حب پولیس کو سیکیورٹی کیلئے 6 موٹر سائیکلیں فراہم

کوئٹہ (خ ن) ایس ایس پی حب مرزا بلال نے کہا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور مسائل کے حل کو یقینی بنانے کے لئے 6 موٹر سائیکلوں پر مشتمل اسپیشل سیکورٹی و پٹرولنگ اسکواڈ تشکیل دیا گیا ہے جس کے آنے والے وقت میں (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

گوادر سیف سٹی منصوبے پر تیزی سے عملی پیش رفت جاری

معین الرحمن خان سے ڈاکٹر آصف خان بزنجو کی ملاقات

گوادر (خ ن) گوادر کو جدید، محفوظ اور اسمارٹ پورٹ سٹی میں تبدیل کرنے کے وژن کے تحت گوادر سیف سٹی منصوبے پر تیزی سے عملی پیش رفت جاری ہے۔ اس سلسلے میں ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان سے پروجیکٹ ڈائریکٹر گوادر سیف سٹی ڈاکٹر آصف خان بزنجو نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران پروجیکٹ ڈائریکٹر سیف سٹی نے ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے کو منصوبے پر ہونے والے اب تک کی پیش رفت سمیت جاری تعمیراتی کام اور آئندہ (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

انجینئرنگ، سائنسی اور تکنیکی کنسلٹنسی کیلئے بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز کی شرح 8 فیصد مقرر

کوئٹہ (خ ن) انجینئرنگ، سائنسی اور تکنیکی کنسلٹنسی کو آگاہ کیا جا رہا ہے کہ ان کی فراہم کردہ خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) کی شرح 8 فیصد مقرر ہے۔ بلوچستان (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

لاکھوں روپے محکمہ کی بدعنوانی اور کرپشن کا ذریعہ بنا دیا جاتا ہے، پشتونخوا نیپ ژوب

ژوب (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے ضلعی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ سیلیازئی سے کلی ایوزئی تک زرعی مقاصد کے لیے استعمال ہونے والا وار چینل شہر کے وسط سے (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

ایران کو خطرہ ہوا تو عالمی انفراسٹرکچر خطرے میں پڑ سکتا ہے، پاسداران انقلاب

تہران (آن لائن) ایرانی پاسداران انقلاب کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل حسین محبی نے کہا ہے کہ ایران کو خطرہ ہوا تو عالمی انفراسٹرکچر بھی خطرے میں پڑ سکتا ہے۔ ایک بیان میں ترجمان پاسداران انقلاب نے کہا کہ عالمی انفراسٹرکچر میں توانائی کی ترسیلی لائنیں اور ہزاروں بجلی گھر خطرے میں آسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ایک بھی امریکی بحری جہاز خلیج فارس میں موجود نہیں ہے، ایران پر مسلط جنگ کے وقت خلیج فارس میں امریکا کے 30 سے 40 جنگی جہاز تھے (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

جمعیت (ف) کی بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ پر شدید تشویش کا اظہار

بجلی کی مسلسل بندش نے شہریوں کی زندگی اجیرن اور معمولاتِ زندگی کو شدید متاثر کر دیا ہے

قائم بجلی کے متعلقہ دفاتر عوامی شکایات کے فوری ازالے کے مراکز ہونے چاہئیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطاء محمد شمشوزئی نے کوئٹہ شہر اور ملحقہ علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی کی مسلسل بندش نے شہریوں کی زندگی اجیرن اور معمولات زندگی کو شدید متاثر کر دیا ہے۔ شدید گر (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

حب: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر صنعت میر کوہیار خان ڈومکی کی ہدایت پر لسبیلہ انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے آفس اور مرکزی شاہراہوں پر جشن آزادی اور قومی پرچم آویزاں کئے جا رہے ہیں

ملک کو حقیقی معنوں میں ایک فلاحی اسلامی ریاست بنانے کے لیے اسلامی نظام کی حاکمیت ناگزیر ہو چکی ہے

ملک پر مسلط فرسودہ نظام سے پوری قوم بیزار ہو چکی ہے، جمعیت نظریاتی

پاکستان جغرافیے، نسل یا زبان کی بنیاد پر نہیں بلکہ کلمہ توحید کے مشترکہ رشتے کی بنیاد پر آزاد اور خودمختار ریاست قائم کرنا تھا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی کنوینر مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف، مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمن نکیال صوبائی امیر پنجاب مولانا (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

گوادر: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ سووینئر پیش کر رہے ہیں

کوئٹہ پولیس کی منشیات فروشوں، غیر قانونی رہائش پذیر افغان باشندوں کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، غیر قانونی رہائش پذیر افغان باشندوں، کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش سمیت 5 ملزمان اور 13 افغان باشندوں کو گرفتار کرلیا۔ جبکہ 17 گاڑیوں سے کالے (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

بلوچستان کے اضلاع ژوب اور چمن میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے اضلاع ژوب اور چمن میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے تاہم کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 4.8 اور گہرائی (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

طبی اور فنی مہارتوں سے آراستہ کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے، ڈی سی گوادر

اسکول کی سطح پر طالبات کو بنیادی طبی مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نوجوان نسل کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور طلبہ و طالبات کو تعلیم کے ساتھ عملی طبی (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

14 اگست پاکستان کی آزادی اور خوشیوں کا دن ہے، فتح علی کھوسہ

نئی نسل کو آزادی کی قدر سکھانا ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے، خطاب

فرید آباد (آن لائن) قومی امن برائے وفاقی کونسل کے مرکزی چیئرمین اور پاکستان مسلم لیگ ن کے ضلعی صدر میر فتح علی خان کھوسہ کی زیر صدارت ویلکم جشن آزادی کے نام سے بچوں کے ساتھ پروقار تقریب اور ریلی کا انعقاد کیا گیا یوم آزادی کو ملی جوش و جذبے سے منانا اور چھوٹے بچوں کو آزادی کی نعمت سے آگاہی فراہم کرنا تھا میر فتح علی خان کھوسہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نئی نسل کو آزادی کی قدر سکھانا ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ امن، اتحاد اور ترقی کے ذریعے ہی ہم قائد کا پاکستان بنا سکتے

ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیرِ صدارت اجلاس

14 اگست کو مرکزی تقریب میں طلبہ و طالبات بھرپور شرکت کریں گے

سیوی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیر صدارت جشن آزادی پاکستان کی تقریبات اور انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس ایس پی سیوی عبدالحمید، چیئرمین ایم سی سردار محمد خان تھجک، اسسٹنٹ کمشنر سیوی منصور علی شاہ، اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد میر بہادر خان بنگلزئی، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر میر گہرام لاشاری، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

پانی کی عدم دستیابی کے باعث علاقہ شدید متاثر ہو رہا ہے، ستار بنگلزئی

زیرینہ ناڑی کی ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی جو کہ کمانڈ ایریا ہے، رئیس اللہ دتہ

بھاگ (ان لائن) تحصیل بھاگ کے زمینداروں نے زیرینہ ناڑی کی زرعی زمینوں کو پانی کی عدم فراہمی اور ڈیموں کے پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کے خلاف اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے اور زیرینہ ناڑی کی زمینوں کو پانی فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے اس موقع پر معروف زمینداران عبدالستار بنگلزئی رئیس اللہ دتہ بانبھی حاجی محمد الیاس کلواڑ ارباب مسعود احمد ایری حاجی شبیر احمد ایری عبدالمنان بنگلزئی نبی بخش بنگلزئی وڈیرہ واحد مندرانی مولا بخش سونگی (اے ڈی) اللہ ڈتہ بانبھی ٹھیکیدار عبدالغفور بانبھی غلام جان مندرانی و دیگر بھی (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

ڈگری کالج ژوب میں یوم آزادی کی مناسبت سے ایک پروقار تقریب

ژوب (خ ن) ڈگری کالج ژوب میں یوم آزادی کی مناسبت سے ایک پروقار تقریب زیر صدارت پروفیسر عبدالرحمن امین پرنسپل گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ژوب منعقد ہوا جس میں اساتذہ کرام قبائلی و سماجی مشران اور کالج کے طلباء نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

تعمیر نو پبلک سکول رومی کیمپس میں ریاض القرآن کا افتتاح

ڈیجیٹل طریقہ تدریس کے ذریعے قرآن فہمی کے فروغ کی جانب اہم قدم

کوئٹہ (پ ر) تعمیر نو پبلک ہائی اسکول مولانا جلال الدین رومی کیمپس، آرچر روڈ کوئٹہ میں ریاض القرآن کا باقاعدہ افتتاح ایک پروقار تقریب میں کر دیا گیا۔ ریاض القرآن کے قیام کا مقصد طلبہ کو قرآن کریم کی تلاوت، تجوید، ترجمہ، تفسیر اور فہم قرآن کے لیے ایک منظم اور مؤثر تعلیمی و تربیتی ماحول فراہم کرنا ہے۔ ریاض القرآن کا افتتاح ممبر بورڈ آف ٹرسٹیز تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان انجینئر غلام عثمان بابئی نے کیا۔ تقریب میں سیکرٹری تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان محمد نسیم لہڑی، کوآرڈینیٹر رحمت للعالمین وخاتم النبیین ﷺ اتھارٹی بلوچستان چیپٹر عارف رانا، پرنسپل رومی (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

حب، بلوچستان اسپورٹس فیسٹیول 2026 کے سلسلے میں شاندار تائیکوانڈو ایونٹ کا انعقاد

حب (خ ن) اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈیپارٹمنٹ اور ضلعی انتظامیہ حب کے زیر اہتمام جاری بلوچستان اسپورٹس فیسٹیول 2026 کے سلسلے میں ایک شاندار تائیکوانڈو ایونٹ کا انعقاد کیا گیا، جس میں نوجوان کھلاڑیوں نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ حصہ لے کر اپنی بہترین (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

کوئٹہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) حافظ محمد طارق جوائنٹ روڈ کی دکانوں کے حوالے سے متعلقہ محکموں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

زیارت دھرنا کمیٹی کیلئے حکومت اور فورسز کی جانب سے جو بریفنگ رکھی گئی ہے مقام اور بریفنگ کو آرگنائز کرنیوالے لوگ خود فریق بن چکے ہیں

بی این پی کا وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقدہ اجلاس میں شرکت نہ کرنیکا اعلان

بلوچ علاقوں میں جو صورتحال تھی اب پشتون علاقوں کے حالات بھی مخدوش ہے قتل و غارت گری کا بازار گرم ہے آل پارٹیز کمیٹی سے کیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی اعلامیہ میں 12 اگست کو وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقدہ اجلاس میں شرکت نہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ زیارت دھرنا کمیٹی کیلئے حکومت اور فورسز کی جانب سے جو بریفنگ رکھی گئی ہے مقام اور بریفنگ کو آرگنائز کرنیوالے لوگ خود فریق بن چکے ہیں بریفنگ اگر کسی عوامی جگہ پر عوام اور میڈیا کے سامنے منعقد کی جاتی تو حقائق سے عوام کو بھی آگاہی مل سکتی لہذا (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

خالد خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

علاج کی سہولیات، ادویات، ڈاکٹرز اور دیگر ضروری امور کو بہتر بنایا جائیگا

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیر صدارت محکمہ صحت سے متعلق ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، مختلف طبی مراکز میں جاری ترقیاتی منصوبوں، دستیاب وسائل اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے موقع پر محکمہ صحت کے افسران نے ڈپٹی کمشنر خالد خان کو ضلع بھر کے طبی مراکز میں (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

یونیورسٹی آف گوادر: داخلوں کی آخری تاریخ 31 اگست تک بڑھا دی گئی

گوادر (خ ن) یونیورسٹی آف گوادر نے فال 2026 کے داخلوں کے لیے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع کرتے (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

سپریم کورٹ نے پی بی 9 کوہلو میں 4 پولنگ اسٹیشنز پر ری پول کا حکم معطل کر دیا، میر چنگیز مری کی رکنیت بحال

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 9 کوہلو کے چار پولنگ اسٹیشنز پر 27 اگست کو ہونے والے ری پول کا الیکشن کمیشن کا فیصلہ معطل کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے امیدوار میر چنگیز خان مری کی رکنیت بحال کر دی۔ عدالت نے کیس میں فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے سماعت اگست کے آخری ہفتے تک ملتوی کر دی۔ جسٹس نعیم اختر (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

لسبیلہ میں جشن آزادی لسبیلہ اسپورٹس فیسٹیول کے سلسلے میں فٹسال مقابلوں کا آغاز

لسبیلہ، اوتھل (خ ن) میں جشن آزادی لسبیلہ اسپورٹس فیسٹیول کے سلسلے میں فٹسال مقابلوں کا آغاز جام محمد فٹسال (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

بلال خان کاکڑ اور قائم لاشاری سے حاجی فوجان کی ملاقات

مختلف شعبوں میں موجود سرمایہ کاری کے مواقع پر تفصیلی تبادلہ خیال

متعلقہ اداروں کے درمیان رابطوں کو مزید مضبوط بنایا جائے گا، گفتگو

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBoIT) کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم لاشاری سے معروف کاروباری شخصیت اور آل پاکستان ڈرائی فروٹ ایسوسی ایشن کے چیئرمین حاجی فوجان نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی تاجر و کاروباری برادری کو درپیش اہم مسائل، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، سر (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

او پی ڈی، وارڈز اور دیگر طبی خدمات کے لیے وقف کی ہے، شعیب بلوچ

محکمہ صحت بلوچستان میں افسران کو دیے گئے اضافی چارجز فوری طور پر واپس لئے جائیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ برانچ کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد شعیب بلوچ نے کہا ہے کہ محکمہ صحت بلوچستان میں افسران کو دیے گئے اضافی چارجز فوری طور پر واپس لئے جائیں اور تمام ٹرانسفر و پوسٹنگ میرٹ اور شفاف اصولوں کے مطابق کی جائیں گی، پیری فری میڈیکل کالجز اور بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف سائیکیٹری اینڈ بیہیوورل سائنسز (BIPS) کی تدریسی آسامیوں کے لیے گریڈ 20 کے سینئر پروفیسرز کو سیکرٹریٹ میں نان ٹیکنیکل افراد یا ان سے جونیئر ڈاکٹروں کے سامنے انٹرویو کے عمل سے گزارنا ان کے مقام اور (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

خطے میں امن و استحکام کیلئے مشترکہ کوششیں قابل تحسین ہیں، ڈی سی زیارت

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ انتظامیہ زیارت کی جانب سے مشترکہ دفاعی معاہدے کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنر زیارت کے دفتر سمیت زیارت بازار کے مختلف اہم مقامات پر خیر مقدمی اور اظہار یکجہتی کے بینرز آویزاں (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

ڈپٹی کمشنر کمپلیکس، ایس پی آفس، پولیس تھانہ سٹی سمیت شہر کے مختلف اہم مقامات پر بینرز آویزاں کیے گئے

سوراب (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی خصوصی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ سوراب کی جانب سے ڈپٹی کمشنر کمپلیکس، ایس پی آفس، پولیس تھانہ سٹی سمیت شہر کے مختلف اہم مقامات پر بینرز آویزاں کیے گئے ہیں۔ اس (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ امیر حمزہ زرغون روڈ پر ٹریفک کی روانی میں خلل پیدا کرنے والے رکشوں کے خلاف کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com